دنیا بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے والی عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک کے
شعبہ جات کے مختصر تعارف و کارکردگی پر مشتمل اہم رسالہ

دعوتِ اسلامی کا تعارف

کُل صفحات 89

پیش کش: مرکزی مجلسِ شوریٰ
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ؕ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

دعوتِ اسلامی کا تعارُف

شیطان لاکھ سُستی دلائے مگر یہ رسالہ (تقریباً 87 صفحات) اوّل تا آخر ضرور پڑھ لیجئے۔ اِنْ شَآءَ اللہ معلومات کا خزانہ ہاتھ آئے گا۔

دُرُود شریف کی فضیلت

محبوبِ رَحمٰن، رسولِ دوجہان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: (حضرت) جِبرئیل (عَلَیْہِ السَّلام) نے مجھ سے عرض کی کہ اللہ پاک فرماتا ہے: اے محمّد! (عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کیا تم اِس بات پر راضی نہیں کہ تمہارا اُمتی تم پر ایک بار دُرُود بھیجے، میں اُس پر دس (10) رحمتیں نازل کروں اور آپ کی اُمَّت میں سے جو کوئی ایک سلام بھیجے، میں اُس پر دس (10) سلام بھیجوں۔ (مشکاۃ المصابیح، ج۱، ص۱۸۹، حدیث۹۲۸)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

دعوتِ اسلامی کی ضرورت

اللہ پاک کا پارہ 4 سورۂ اٰلِ عمرٰن آیت نمبر 104 میں فرمانِ ہدایت نشان ہے:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ یَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِؕ وَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (۱۰۴)

ترجَمۂ کنزالایمان: اور تم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہئے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بُری سے منع کریں اور یہی لوگ مُراد کو پہنچے۔ (پ۴، اٰلِ عمرٰن: ۱۰۴)

اِس آیتِ مُقدَّسہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے مشہور مُفسِّرِ قراٰن، حکیمُ الاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ فرماتے ہیں: ”اے مسلمانو! تم سب کو ایسی جماعت ہونا چاہیئے یا ایسی جماعت بنو یا ایسی جماعت بن کر رہو جو تمام ٹیڑھے لوگوں کو خَیر (یعنی بھلائی) کی دعوت دے، کافروں کو ایمان کی، فاسِقوں کو تقوے کی، غافِلوں کو بیداری کی، جاہِلوں کو عِلم و مَعرِفَت کی، خشک مِزاجوں کو لذّتِ عِشق کی، سونے والوں کو بیداری اور اچھی باتوں، اچّھے عقیدوں، اچّھے عملوں کا زَبانی، قلمی، عملی، قوّت سے، نرمی سے (اور حاکم، محکوم کو) گرمی سے حُکم دے اور بُری باتوں، بُرے عقیدے، بُرے کاموں، بُرے اِرادوں، بُرے خیالات سے لوگوں کو زَبان، دِل، قلم، تلوار سے (اپنے اپنے منصب کے مطابِق) رَوکے۔ (تفسیرِ نعیمی، ج4، ص72)

چھوٹے بڑے سبھی مُبلّغ ہیں

مفتی صاحب رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ مزید فرماتے ہیں: ”سارے مسلمان مبلّغ ہیں، سب پر ہی فرض ہے کہ لوگوں کو اچّھی باتوں کا حکم دیں اور بُری باتوں سے روکیں۔“ مطلب یہ کہ جو شخص جتنا جانتا ہے اُتنا دوسرے اسلامی بھائیوں تک پہنچائے جس کی تائید میں حکیمُ الاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نقل کرتے ہیں: حضور تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً یعنی میری طرف سے پہنچادو اگرچِہ ایک ہی آیت ہو۔ (صحیح البخاری، ج ۲، ص ۶۲، حدیث: ۳۴۶۱)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

”دعوتِ اسلامی“ کا آغاز

پیارے اسلامی بھائیو! اللہ کریم نے اُمّتِ محبوبِ عظیم عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَ التَّسْلِیم کو ہر دَور میں ایسی ہستیاں عطا فرمائیں جنہوں نے نہ صرف خُود اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْیٌ عَنِ الْمُنْكَر (یعنی نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے) کا مُقَدَّس فریضہ بطریقِ اَحسن انجام دیا بلکہ مسلمانوں کو اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنے کا ذہن دیا۔ اُنہی میں ایک ہستی شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّاؔر قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه بھی ہیں جنہوں نے ۳ ذِیقعدۃ الحرام ۱۴۰۱ھ مطابق 2 ستمبر 1981ء میں کراچی میں اپنے چند رُفَقاء کے ساتھ عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک ”دعوتِ اسلامی“ کے مَدَنی کام کا آغاز کیا۔ آپ خوفِ خدا و عشقِ رسول، جذبۂ اتباعِ قراٰن وسنّت، جذبۂ اِحیاءِ سُنّت، زُہد و تقویٰ، عَفْو و دَرگزر، صبر و شکر، عاجِزی وانکِساری، سادَگی، اِخلاص، حُسنِ اَخلاق، دنیا سے بے رغبتی، حفاظتِ ایمان کی فکر، فروغِ علمِ دین، خیر خواہئ مسلمین جیسی صفات میں یادگارِ اَسلاف ہیں۔ آپ نے اِس مَدَنی تحریک **”دعوتِ اسلامی“** کے ذریعے لاکھوں مسلمانوں بالخصوص نوجوان اسلامی بھائیوں اوراسلامی بہنوں کی زندگیوں میں مَدَنی انقِلاب برپا کردیا، کئی بگڑے ہوئے نوجوان توبہ کرکے راہِ راست پر آگئے، بے نمازی نہ صرف نمازی بلکہ نمازیں پڑھانے والے (یعنی اِمام مسجد) بن گئے، ماں باپ سے نازیبا رَوَیّہ اختیار کرنے والے باادب ہوگئے، کفر کے اندھیروں میں بھٹکنے والوں کو نورِ اسلام

نصیب ہوا، یورپی مَمالِک کی رنگینیوں کو دیکھنے کے خواہش مند **کَعْبَۃُ الله** اور گنبدِ خَضرا کی زیارت کے لئے بے قرار رہنے لگے، دنیا کے بے جا غموں میں گُھلنے والے فکرِ آخِرت کی مَدَنی سوچ کے حامِل بن گئے، فُحش رَسائل اورعِشْقِیہ و فِسْقِیہ ڈائجسٹوں کے شائقین عُلَمائے اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کے رسائل اور دیگر دینی کتب کا مطالَعہ کرنے لگے، تفریح کی خاطر سفر کے عادی مدنی قافلوں میں عاشقانِ رسول کے ہمراہ راہِ خدا میں سفر کرنے والے بن گئے اور محض دنیا کی دولت اکٹھی کرنے کو مقصدِ حیات سمجھنے والوں نے اس مَدَنی مقصد کو اپنا لیا کہ ”مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔“(اِنْ شَآءَ الله)

دنیا بھر میں دعوتِ اسلامی کا مدنی پیغام

الله پاک کی رحمتوں، پیارے مصطفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عنایتوں، صحابۂ کرام رَضِیَ اللہُ عَنْہُم کی برکتوں، اولیائے عِظام رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیہِم کی نسبتوں، علماء ومشائخِ اہلسنّت دَامَت فُیُوضُہُم کی شَفقتوں اور امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کی شب و روز کوششوں کے نتیجے میں کراچی سے اُٹھنے والی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کا مَدَنی پیغام دیکھتے ہی دیکھتے بابُ الاسلام سندھ، پنجاب، خیبر پختونخواہ، کشمیر، بلوچستان، گلگت بلتستان اور پھر ملک سے باہَر ہند (India)، بنگلہ دیش، عرب امارات(UAE)، سری لنکا، برطانیہ، آسٹریلیا، کوریا، جنوبی افریقہ یہاں تک کہ (تادمِ تحریر) دُنیا کے تقریباً تمام مَمالِک میں پہنچ چکا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰه! آج (یعنی ۱۴۴۱ھ میں) دعوتِ اسلامی 108 سے زائد شعبوں میں سنّتوں کی خدمت میں مشغول ہے۔ دنیا بھر میں ہزاروں مقامات پر اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماعات ہو رہے ہیں اور سُنّتوں کی تربیت کے مدنی قافلوں میں سفر کرنے والے بے شمار مبلّغین اِس مُقدّس جذبے کے تحت اِصلاحِ اُمّت کے کاموں میں مصروف ہیں کہ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ الله

الله کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے دعوتِ اسلامی تری دھوم مچی ہو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللهُ عَلٰی مُحَمَّد

آئیے! دعوتِ اسلامی کے چند شعبہ جات کا تعارف ملاحظہ فرمائیے:

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اِسلامی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ملنساری کی چاشنی سے لبریز اِنفرادی کوشش کے ذریعے ہزارہا اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت فرمائی اور انہیں ”اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنے“ کا جذبہ دیا، اِن اسلامی بھائیوں نے دوسرے اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش کی اور یوں نیکی کی دعوت کا یہ سلسلہ بڑھتا چلا جارہاہے۔ جہاں لاکھوں بے عمل مسلمان، نمازی اور سُنتّوں کے عادی بن چکے ہیں وہیں مختلف مَمالِک میں مُبلّغینِ دعوتِ اسلامی کے ہاتھوں کُفّار بھی مشرّف بہ اسلام ہوتے رہتے ہیں۔

غیر مسلم کا قبولِ اسلام

پیارے اسلامی بھائیو! دعوتِ اسلامی کے عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی سے عاشِقانِ رسول کا 92 دن کا ایک مَدَنی قافِلہ کولمبو کے سفر پر تھا۔ جس دن ضلع ”ایرو“ مَدَنی قافلے کی 1 ماہ کیلئے سفر پر روانگی تھی۔ اِس دوران ایک اسلامی بھائی ایک غیر مسلم نوجوان کو امیرِ قافِلہ کی خدمت میں لائے۔ امیرِ قافِلہ نے سرکارِ نامدار صَلَّی اللہ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اعلیٰ کردار سے مُتَعَلِّق چند خوشبودار مَدَنی پھول پیش کر کے اس کو اسلام کی دعوت پیش کی۔ اِس پر اُس نے بعض سُوالات کئے جس کے جوابات دیئے گئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کم و بیش ایک گھنٹے کی انفرادی کوشِش کے بعد وہ غیر مسلم مُشرَّف بہ اسلام ہو گیا۔ (فیضانِ سنّت، باب آدابِ طعام، ج ۱، ص ۲۶۱)

اللہ پاک سب نو مُسلِموں (New Muslims) کو اور اُن کے صَدْقے ہم سب کو اسلام پر اِستِقامت نصیب فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

مجلس برائے نیو مسلم

دعوتِ اسلامی کا ایک شعبہ **”مجلس برائے نیو مسلم“** بھی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اس مجلس کے تحت نئے اسلام قبول کرنے والوں (New Muslims) کو دِینی تعلیم (اسلام کی بنیادی معلومات دینے) کے ساتھ ساتھ فرض عُلوم کے بارے میں بھی مدنی تربیت دی جاتی ہے۔

جامعۃ المدینہ (للبنین)

دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات میں سے ایک شعبہ **جامعۃُ المدینہ** (للبنین) ہے۔امیرِ اَہلِ سنّت،بانیِ دعوتِ اسلامی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی دِلی خواہش کے مطابق علمِ دِین کو عام کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام جامعۃُ المدینہ کی سب سے پہلی شاخ 1995ء میں نیو کراچی کے عَلاقے گودھرا کالونی میں کھولی گئی اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اب تک دُنیا کے مختلف مَمالِک پاکستان، ہند،جُنوبی افریقہ، کینیڈا، امریکہ،انگلینڈ،موزمبیق، نیپال اور بنگلہ دیش وغیرہ میں جامعۃُ المدینہ لِلْبَنِیْن قائم ہیں،جن میں ہزاروں اسلامی بھائی عِلْمِ دِین حاصِل کر کے نہ صرف اپنی عِلْمی پیاس بُجھا رہے ہیں بلکہ دُوسروں کو بھی فیضانِ علم سے مُنَوَّر کرنے میں مصروف ہیں۔ اِن جامعاتُ المدینہ کی خُصُوصِیَّت یہ ہے کہ **دِینی تعلیم** سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ طَلَبہ کی **اَخلاقی اور رُوحانی تَرْبِیَت** بھی کی جاتی ہے نیز یہ طلبہ مدارسِ اہلسنّت کے بورڈ ''تنظیم المدارِس'' کے تحت امتحانات دے کر نمایاں پوزیشن بھی حاصل کرتے ہیں۔اَمیرِ اَہلِ سنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں:میں دعوتِ اسلامی کے جامعاتُ المدینہ کے طلبۂ کرام سے بَہُت مَحَبَّت کرتا ہوں اور ان کے صَدْقے سے اپنے لئے دُعائے مَغْفِرت کیا کرتا ہوں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ملک و بیرونِ ملک میں قائم **جامعات المدینہ** (للبنین) کی تعداد 450 ہے،جن میں تقریباً 35456 (پینتیس ہزار چار سو چھپّن) طلبہ علمِ دِین کے نور سے فیضیاب ہو رہے ہیں،جامعۃ المدینہ للبنین جز

وقتی میں پی ایچ ڈی ہولڈر اور چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ وغیرہ بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اب تک تقریباً 4727(چار ہزار سات سو ستائیس)طلبہ **درسِ نظامی مکمل** کر چکے ہیں۔ **سالانہ سینکڑوں** طلبۂ کرام کی **دستار بندی** ہوتی ہے جو فراغت کے بعد دارالافتاء، اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیہ، جامِعۃُ المَدینہ اور دعوتِ اسلامی کے **مختلف شعبہ جات میں دینی خدمات** سرانجام دیتے ہیں۔ جامعۃ المدینہ کے کئی اساتذہ اور طلبہ دعوتِ اسلامی کے ذیلی حلقے کے بارہ مدنی کاموں میں بھی مُعاوَنَت کرتے ہیں اور انہوں نے تنظیمی سطح پر بھی ذمہ داریاں سنبھال رکھی ہیں۔

جامعۃ المدینہ (للبنات)

دعوتِ اسلامی کا ایک شعبہ **"مجلس جامعۃُ المدینہ**(للبنات)" بھی ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ! مجلس جامعۃُ المدینہ(للبنات) کے تحت مُلک و بیرونِ ملک 395(تین سو پچانوے) جامعاتُ المدینہ(للبنات) قائم ہیں۔ جن میں کم و بیش25277(پچیّس ہزار دو سو ستتّر) طالبات بِلامُعاوَضہ دَرْسِ نِظامی(عالِمہ کورْس) اور فیضانِ شریعت کورس کر رہی ہیں۔ کم و بیش 6129(چھ ہزار ایک سو اُنیتس) اسلامی بہنیں دَرْسِ نِظامی(عالِمہ کورْس) جبکہ تقریباً 1431(ایک ہزار چار سو اِکتیس)اسلامی بہنیں **25ماہ** کا **"فَیضانِ شریعت کورْس"** کرنے کی سعادت حاصِل کر چکی ہیں۔ سینکڑوں اسلامی بہنیں جامعۃ المدینہ للبنات میں **نظامت و تدریس** کے منصب پر **دِینی خدمات** سرانجام دے رہی ہیں، ہزارہا اسلامی بہنیں ملک و بیرونِ ملک، اپنے **علاقوں / شہروں** میں ہونے والے **اسلامی بہنوں کے ذیلی حلقے کے 8 مدنی کاموں** میں مختلف ذمہ داریوں پر **نیکی کی دعوت**

کی دُھو میں مچانے میں مصروف ہیں۔

جامعۃ المدینہ آن لائن (للبنین وللبنات)

ایک شعبہ ”**جامعۃ المدینہ آن لائن** (للبنین و للبنات)“ بھی ہے، جس میں آن لائن شارٹ درسِ نظامی، **مکمل** درسِ نظامی آن لائن اور درسِ نظامی کے **متعلق مختلف** عُلوم کے آن لائن ٹیوشن کا سلسلہ بھی شروع کیا گیا ہے، جیسا کہ نَحو، صَرف اَدب، **منطق**، بَلاغَت، فِقہ و اُصُولِ فقہ، حدیث و اُصُولِ حدیث، میراث، عقائد وغیرہ۔ ہر کورس کی مُدّت اوردورانیہ مختلف ہے، یہ کورس کرنے کے خواہش مند اسلامی بھائی اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی وقت پڑھ سکتے ہیں۔

موجودہ اَعداد وشمار کے مطابق ملک وبیرون ملک میں جامعاتُ المدینہ للبنین و للبنات کی کل تعداد 37ہے، جن میں پڑھنے والے طلبہ و طالبات (Students) کی تعداد 1199(ایک ہزار ایک سو ننانوے)ہے اور اب تک فارغ التحصیل ہونے والوں کی تعداد 55 ہے۔

تَخَصُّص فِی اللُّغَۃِ الْعَرَبِیَّۃ

درسِ نظامی (عالم کورس) **مکمل** کرنے کے بعد عربی کا ذوق رکھنے والوں کو 1 سال کا یہ کورس کروایا جاتا ہے تاکہ عربی میں مہارت حاصل کرنے کے بعد یہ علمائے کرام عرب **ممالک** میں دینِ اسلام کے پیغام کو پھیلا سکیں، نیز مدنی چینل کے عربی ڈیپارٹمنٹ، عربی تراجم وغیرہ میں اپنی خدمات بہتر طور پر سر اَنجام دے سکیں۔

مدرسۃ المدینہ (للبنین وللبنات)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے فیضانِ نَظر سے دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے **مدرسۃ المدینہ** (للبنین) اور بچیوں کیلئے **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) قائم ہیں جن میں **تَجْوِیْد** و **قراءت** کے ساتھ **قرآنِ کریم** حفظ و ناظرہ پڑھایا جاتا ہے۔ مدرسۃُ المدینہ کا شعبہ **تعلیمِ قرآن** کو عام کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ **ملک و بیرونِ ملک** میں قائم بچوں اور بچیوں کے **مدارس المدینہ** کی تعداد 4041 (چار ہزار اِکتالیس) ہے اور اس میں پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کی تعداد تقریباً 179550 (ایک لاکھ اُناسی ہزار پانچ سو پچاس) ہے۔ ان مدارسُ المدینہ میں پڑھانے والے **قاری صاحبان**، ان کے نظام کو دیکھنے کے لیے **ناظمین** اور دیگر **مدنی عملے** کی تعداد 9956 (نو ہزار نو سو چھپّن) ہے۔ اب تک 87321 (ستاسی ہزار تین سو اِکّیس) بچے و بچیاں **حفظِ قرآن** کی سعادت حاصل کر چکے ہیں اور 272248 (دو لاکھ بہتّر ہزار دو سو اڑتالیس) **ناظرہ قرآن** پڑھ چکے ہیں۔ ہر سال دعوتِ اسلامی کے ہزاروں **حُفّاظ** رمضان المبارک میں **تراویح** میں قرآنِ کریم (مُصلّٰی) سُننے یا سُنانے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔

مدرسۃ المدینہ للبنین (رہائشی)

"**مدرسۃ المدینہ للبنین** (رہائشی)" دعوتِ اسلامی کا وہ شعبہ ہے کہ جس میں دُور دراز کے بچوں کو حفظ و ناظرہ کی تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ **رہائش، کھانے اور بنیادی**

ضروریات کی سہولت بھی دی جاتی ہے۔اَلْحَمْدُلِلّٰہ 48 "مدرسۃ المدینہ للبنین (رہائشی)" میں تقریباً 3627 (تین ہزار چھ سو ستائیس) بچے پڑھ رہے ہیں۔

مدرسۃ المدینہ (جُزوقتی)

دعوتِ اسلامی کے اِس شعبے "**مدرسۃ المدینہ جُزوقتی**" کے ذریعے بالخصوص اُن بچوں اور بچیوں کو شام کے **اوقات** میں (1 گھنٹہ / 2 گھنٹے) **ناظرہ قرآنِ کریم** پڑھایا جاتا ہے جو **اسکول** جانے کی وجہ سے مدرسے میں **مکمل وقت** نہیں پڑھ سکتے۔اَلْحَمْدُلِلّٰہ **تقریباً** 845 (آٹھ سو پینتالیس) "**مدرسۃ المدینہ جُزوقتی** (Part Time)" میں **تقریباً** 23799 (تیئس ہزار سات سو ننانوے) بچیاں اور بچے پڑھ رہے ہیں۔

مدرسۃ المدینہ کورسز

دعوتِ اسلامی کے مدارسُ المدینہ میں **قاری صاحبان** اور **ناظمین** کی کمی کو پورا کرنے، **مدارس المدینہ** کے **نظام** کو منظم و مضبوط (Manage) رکھنے اور نئے **مدارس المدینہ** میں **قاری صاحبان** کی **تقرری** کے لئے بڑی عمر کے اسلامی بھائیوں کو **قاعدہ ناظرہ کورس**، **مدرس کورس**، **تجوید و قراءت کورس**، **نظامت کورس** کروایا جاتا ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

مدرسۃُ المدینہ آن لائن (للبنین و للبنات)

ایک شعبہ مدرسۃُ المدینہ آن لائن (للبنین و للبنات) بھی ہے۔19ربیع الاوّل 1433ھ مطابق 2012ء میں مجلس مدرسۃُ المدینہ آن لائن للبنین اور

شوال 1434ھ میں مدرسۃ المدینہ آن لائن للبنات کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اِس شعبے کے تحت انٹرنیٹ کے ذریعے ملک و بیرونِ ملک کے اسلامی بھائیوں کو نہ صرف دُرُست مَخارج کے ساتھ ناظرہ و حفظِ قرآنِ پاک کی تعلیم دی جاتی ہے بلکہ انہیں ایک باعمل مسلمان بنانے کے لیے بنیادی اخلاقی تربیت بھی دی جاتی ہے۔ نیز معلم کورس بھی کروایا جاتا ہے جس کے ذریعے تجوید پڑھانے کی باقاعدہ تربیت دی جاتی ہے، ساتھ ہی ساتھ جو کوئی اپنی منزل کی دُہرائی کرنا چاہیں تو اُنہیں اُنکی مرضی کے وقت میں یہ سہولت بھی دی جاتی ہے۔ مدرسۃ المدینہ آن لائن میں کم وبیش 70 ممالک کے12650(بارہ ہزار چھ سوپچاس)سے زائد طلبہ وطالبات پڑھ رہے ہیں اور اب تک تعلیمِ قرآن حفظ یا ناظرہ مکمل کرنے والوں کی تعداد کم و بیش 10500 (دس ہزار پانچ سو)ہے۔

واضح رہے کہ مدرستہ المدینہ للبنات میں اسلامی بہنوں کو صرف اسلامی بہنیں ہی پڑھاتی ہیں۔

یہی ہے آرزو تعلیمِ قرآں عام ہو جائے
ہر ایک پرچم سے اونچا پرچمِ اسلام ہو جائے

مدرسۃ المدینہ (بالغان)

تعلیمِ قرآن کو دُنیا بھر میں عام کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کا ایک شعبہ **"مجلس مدرسۃُ المدینہ بالغان"** بھی ہے۔ **مَدْرَسۃ المدینہ بالغان** مختلف مقامات جیسے مساجد، تعلیمی اداروں، مارکیٹوں اور گھروں وغیرہ میں لگائے جاتے ہیں۔ **مَدْرَسۃُ المدینہ بالغان**

میں بالغ یعنی بڑی عمر کے اسلامی بھائیوں کو مختلف اوقات میں دُرست مخارج کی ادائیگی کے ساتھ **مدنی قاعدہ** اور قرآنِ کریم فِیْ سَبِیْلِ اللہ پڑھایا جاتا ہے۔ **صرف پاکستان میں تادمِ تحریر مدرسۃ المدینہ بالغان کی تعداد تقریباً** 22821 (بائیس ہزار آٹھ سواِکّیس) **جبکہ پڑھنے والوں کی تعداد تقریباً** 132971 (ایک لاکھ بتّیس ہزار نوسو اِکہتّر) ہے۔

دار الافتاء اہلِ سنّت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ملک بھر میں مختلف مقامات پر **دارالافتاء اہلِ سنّت** قائم ہیں، جہاں دعوتِ اسلامی سے وابستہ مفتیانِ کرام اور علمائے اہلِ سنّت مسلمانوں کی (بالمشافہ، بذریعہ فون، ای میل، واٹس ایپ وغیرہ) **شرعی رہنمائی** کرنے میں مصروف ہیں۔ تادمِ تحریر پاکستان کے مختلف شہروں میں موجود دارالافتاء اہلِ سنّت کی 12 شاخوں سے کم و بیش 100000 (ایک لاکھ) سے زائد جوابات (جن میں انٹرنیٹ پر جاری ہونے والے فتاویٰ بھی شامل ہیں) جاری کیے جاچکے ہیں۔ اکثر فتاویٰ کمپیوٹر پر کمپوز کرکے دیئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہزارہا لوگ ٹیلی فون کے ذریعے نیز بِالْمُشَافَہ (دارالافتاء اہلِ سنت میں حاضر ہوکر) اپنے درپیش **شرعی مسائل** کا حل پاتے اوراپنے معاملات کو شریعتِ مُطَہَّرَہ کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دارُالافتاء اہلِ سنَّت کے مفتیانِ کِرام ٹیلی فون، واٹس اَیپ (Whatsapp) اور انٹرنیٹ پر دُنیا بھر کے مُسلمانوں کی طرف سے پوچھے جانے والے **شرعی مَسائل** کا حل بتاتے ہیں، علمِ دین کا نور پھیلانے کے لئے دعوتِ اسلامی کی **مجلس آئی ٹی** (I.T) کے تعاون سے **"دار الافتاء اہلِ سنّت"** موبائل ایپلی کیشن (Application) بھی آچکی ہے۔ اُمّتِ مسلمہ کی **شرعی رہنمائی** کے لیے **مدنی چینل**

پر ہفتے میں 3 دن براہِ راست(Live) پروگرام "دارالافتاء اہلِ سنّت" بھی نشر کیا جاتا ہے، جس میں دُنیا بھر سے مختلف موضوعات پر پوچھے گئے سوالات کی شرعی رہنمائی کی جاتی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس شعبہ میں مزید ترقی کا سفر جاری ہے۔

مجلسِ تحقیقاتِ شَرعیہ

مسلمانوں کو پیش آمدہ جدید شرعی مسائل کے حل کے لئے مجلس تحقیقاتِ شَرعِیَّہ قائم ہے جو کہ دعوتِ اسلامی کے مُبلِّغین عُلَماء و مفتیانِ کرام پر مُشتمل ہے۔

تَخَصُّص فِی الْفِقْہ (مُفتی کورس)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ "جامعۃ المدینہ" کے طلبۂ کرام کو دورۂ حدیث شریف کے بعد فقہی مہارت حاصل کرنے کے لئے تَخَصُّص فِی الْفِقْہ(مفتی کورس) کروایا جاتا ہے، جس کی مدت 2 سال ہے، جس میں مُتعَدّد عُلَمائے کرام اِفتاء کی تربیت پارہے ہیں۔ اس کورس میں داخلے کے لئے باقاعدہ ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔ یہ کورس کرنے والے طلبۂ کرام کی مالی معاونت بھی کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنی معاشی پریشانیوں سے آزاد ہو کر مفتی کورس کر سکیں۔ اس کورس میں فقہی تربیت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ نجی طور پر فتاویٰ رضویہ (مکمل 30 جلدیں) بہارِ شریعت (20 حصے) کا مطالعہ کرنے کے علاوہ مفتیانِ اہلِ سنّت کے فتاویٰ کے کثیر مجموعے پڑھنا ضروری ہوتا ہے۔ پاکستان کے 3 بڑے شہروں کراچی، لاہور اور فیصل آباد میں تَخَصُّص فِی الْفِقْہ(مفتی کورس) کروایا جا رہا ہے، اب تک کی معلومات کے مطابق سینکڑوں علمائے کرام یہ کورس کر چکے ہیں، جن میں سے 58 پاکستان کے مختلف دارالافتاء اہلِ سنت کے ذریعے اُمّتِ مسلمہ کی شرعی رہنمائی

میں مصروفِ عمل ہیں۔

مجلسِ تفتیشِ کُتُب ورسائل

یہ **مجلس** مکتبۃ المدینہ کی کُتُب کو اِشاعت سے قبل عقائد، کفریہ عبارات اور فقہی مسائل کے حوالے سے مَقدور بھر ملاحَظہ کرتی ہے۔ یہ **مجلس** دارالافتاءاہلسنت کے علماو مفتیانِ کرام پر مشتمل ہے۔

اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ

دعوتِ اسلامی کا شعبۂ تصنیف و تالیف "اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ" ۱۴۲۲ھ مطابق 2001ء سے قائم ہے جس میں 100 سے زائد علمائے اہلِ سنّت **تصنیف و تالیف اور تحقیق وتراجم** کا کام سر انجام دے رہے ہیں۔ **اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان** رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی کتابوں کو آسان کرکے پیش کرنا، عربی کتب کے تراجم، درسی کتب کی تدوین و تالیف، مختلف موضوعات پر کتب ورسائل کی تصنیف و تالیف اور دیگر مضامین پر کام کیا جاتا ہے۔ اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ کے علماء اب تک علومِ قرآن وحدیث، فقہ، تصوف و روحانیت، اسلامی تاریخ اور دیگر موضوعات پر 570 کتب ورسائل تصنیف و تالیف کر چکے ہیں۔ اس مجلس کے اب تک 16 شعبہ جات بنائے جاچکے ہیں:

(1) شعبہ کُتُبِ اعلیٰ حضرت (2) شعبہ درسی کتب (3) شعبہ اِصلاحی کُتُب (4) شعبہ تراجِم کُتُب (5) شعبہ تفتیشِ کُتُب (6) شعبہ تخریج (7) فیضانِ قرآن (8) فیضانِ حدیث (9) فیضانِ صحابہ و اَہلِ بیت (10) فیضانِ صحابیات و صالحات (11) شعبہ امیر اہلِ سنّت (12) فیضانِ مَدَنی مُذاکرہ (13) فیضانِ اَولیاء و عُلَماء (14) بیاناتِ دعوتِ

اِسلامی (15) رسائلِ دعوتِ اِسلامی (16) شعبہ مدنی کاموں کی تحریرات۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس وقت بھی اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ میں کئی کتب ورسائل پر کام جاری ہے جو اِنْ شَآءَ اللہ بہت جلد چھپ کر قارئین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنیں گے۔ اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ کی کتابیں دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ پر دستیاب ہیں نیز دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ سے بالکل مفت ڈاؤنلوڈ بھی کی جاسکتی ہیں۔ ان کتابوں کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ صرف 2017ء سے 2019ء تک نواسی لاکھ سے زیادہ کتابیں ڈاؤنلوڈ ہوئیں اور ایک کروڑ اسی لاکھ سے زیادہ کتب ورسائل فروخت ہوچکے ہیں۔

ماہنامہ فیضانِ مدینہ

دعوتِ اسلامی سے ایک عرصے سے ایسے "ماہنامے" کا تقاضا کیا جارہا تھا جس میں قراٰنِ کریم کے انوار بھی ہوں، حدیثِ مبارکہ کے مشکبار مدنی پھول بھی، تذکرۂ صالحین و صالحات کرکے نیکی اپنانے اور بُرائی سے رُک جانے کا ذہن دیا جارہا ہو، نوجوانوں میں پائے جانے والے مسائل کا حل پیش کیا جائے، مدنی منّوں اور مدنی منیوں کے لیے کردار ساز، آسان، دلچسپ معلومات اور اسلامی بہنوں کے لیے رہنما تحریریں شامل ہوں اور ہر مضمون میں اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کا جذبہ کارفرما ہو۔ اس اہمیت اور ضرورت کے پیشِ نظر مجلس ماہنامہ فیضانِ مدینہ (دعوتِ اسلامی) نے جنوری 2017ء مطابق ربیع الآخر ١٤٣٨ھ سے **"ماہنامہ فیضانِ مدینہ"** کا پہلا شمارہ شائع کیا اور تادمِ تحریر اردو، انگلش اور گجراتی تین زبانوں میں ہر ماہ

شائع ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! یہ ماہنامہ اپنے تحقیقی مواد، آسان، سلیس اور عام فہم طرزِ تحریر، دلچسپ اور متأثر کن عنوانات، پُرکشش اور دِیدہ زیب ٹائٹل کی وجہ سے عوام وخواص کی توجہ کا مرکز بنتا جارہا ہے، جس کا اندازہ ہزاروں کی تعداد میں سالانہ ممبر زبننے والوں سے لگایا جاسکتا ہے۔یوں اسے کثیر الاشاعت اسلامی ماہنامہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔

مجلس خُدَّامُ المُساجِدِوَالمُدارِس

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکاتُہُمُ العَالِیَہ کی تمنا ہے کہ ہماری مساجد آباد ہو جائیں، ان کی رونقیں پلٹ آئیں۔ پرانی مساجد آباد کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نئی مساجد بھی تعمیر کی جائیں۔ آپ کی اس دِلی تمنا میں دراصل دنیا کو درپیش بے شمار مسائل کا حل موجود ہے، نماز میں فلاح (کامیابی) ہے کیوں کہ نماز بے حیائی اور بُرے کاموں سے روکنے میں بہت اہم ترین کردار ادا کرتی ہے نیز مسجد مسلمانوں کی وہ درس گاہ ہے جس میں درس وبیان کے ذریعے علم کی روشنی پھیلائی جاسکتی ہے، نفس وشیطان سے حفاظت کے نسخوں سے آگاہ کیا جاسکتا ہے، مخلوق کو اللہ پاک اور اس کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اطاعت و فرمانبرداری کی رغبت دلائی جاسکتی ہے اوران کی کردار سازی کے لیے مؤثر اِقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ چنانچہ اس ضمن میں ایک شعبہ "**مجلس خُدَّامُ المُساجِدِوَالمُدارِس**" بھی ہے۔ جن علاقوں میں مساجد یا مدارس کی ضرورت ہوتی ہے وہاں اس مجلس کے تحت مساجد ومدارس کے لیے پلاٹ حاصل کیے جاتے ہیں، یا مساجد ومدارس کے لیے ملنے والے پلاٹس پر تنظیمی طریقِ کار کے مطابق

مکمل پراسس کے بعد مساجد و مدارس کی تعمیر کی جاتی ہیں۔اللہ پاک کے فضل و کرم سے اس مجلس کے تحت ملک و بیرونِ ملک مساجد و مدارس کی تعمیرات کا سلسلہ جاری رَہتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کے تحت تعمیر ہونے والی مساجد کا نام عموماً ''فیضان'' کے ساتھ رکھا جاتا ہے، مثلاً فیضانِ طیبہ، فیضانِ جمالِ مصطفٰی'' وغیرہ۔

مجلس اَثاثہ جات

مجلس اَثاثہ جات کا بنیادی کام دعوتِ اسلامی کیلئے جائیداد مثلاً(مسجد، مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ، مدنی مراکز بنام فیضانِ مدینہ، مکان، دکان یا دیگر امور جن کیلئے خریداری کرنے یا وقف کرنے یا انتظام لینے کی شرعی و تنظیمی اجازت ہے)ان کو خریدنے یا وقف کروانے اور مساجد کے اِلحاق سے متعلق قانونی معاملات کو شرعی و تنظیمی طریقِ کار کے مطابق سرانجام دینا ہے۔ تادمِ تحریر 6100(چھ ہزار ایک سو) سے زائد اَثاثے دعوتِ اسلامی حاصل کر چکی ہے۔اس مجلس کے تحت چند ذیلی شعبہ جات بھی قائم کئے گئے ہیں تاکہ کام حُسن وخوبی سے پایۂ تکمیل تک پہنچ سکے۔ان ذیلی شعبہ جات کے تحت دعوتِ اسلامی کے تمام اثاثہ جات کے اصل کاغذات کو حکومتی / قانونی / محکمہ اراضی کے اصول و ضوابط کے مطابق چیک کرکے قانونی کاغذات کو **"دعوتِ اسلامی ٹرسٹ"** کے نام منتقل کروایا جاتا ہے۔ انہی ذیلی شعبہ جات میں سے ایک شعبے کے تحت وقف شدہ اثاثوں کے تحفظ، تعمیرات اور اس کے تمام انتظامی امور کو سنبھالنے کے لیے ہر اثاثہ پر 3رکنی مجلس اور نائب متولی کا تقرر بھی کیا جاتا ہے اور ان کی شرعی و تنظیمی تقاضوں کے

مطابق تربیت بھی کی جاتی ہے۔ جس میں وقف کے شرعی تقاضوں کو پورا کرنے کا طریقِ کار، تعمیرات اور چندے کے اُمور میں شرعی و تنظیمی احتیاطیں کرنے پر خصوصی تربیت کی جاتی ہے۔

مجلس تعمیرات

دعوتِ اسلامی کا ایک شعبہ مجلس تعمیرات بھی ہے جس کا کام مختلف مقامات پر مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ)، مساجد، مدارس تعمیر کرنا ہے، یوں تو مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) وغیرہ کی تعمیرات پہلے سے ہی جاری ہیں جیسا کہ پہلا مدنی مرکز (فیضانِ مدینہ) کراچی میں تعمیر ہوا مگر اس شعبے کا باقاعدہ قیام 2016ء میں ہوا۔ کسی بھی جگہ تعمیرات کرنے سے پہلے شرعی، تنظیمی اور قانونی طور پر مکمل تحقیقات کی جاتی ہیں اور پھر اس کے بعد تعمیر کے مراحل کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس وقت تقریباً 800 سے زیادہ پروجیکٹ (مساجد، جامعات و مدارس وغیرہ) زیرِ تعمیر ہیں، اس شعبے کے اخراجات اربوں میں ہیں۔

مجلس فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز)

عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات میں سے ایک اہم ترین شعبہ مجلس فیضان مدینہ بھی ہے۔ مجلس فیضانِ مدینہ کا کام ملک و بیرونِ ملک دعوتِ اسلامی کے **مدنی مراکز فیضانِ مدینہ** کے نظام کو شرعی اور تنظیمی تقاضوں کے مطابق چلانا ہے۔ پاکستان میں اس وقت تقریباً 350 فیضانِ مدینہ قائم ہیں اس شعبے کے تحت فیضانِ مدینہ کے خطیب، امام و مُؤَذِّن اور خادمین کی تقرری اور تربیت بھی کی جاتی

ہے نیز مدنی مرکز فیضانِ مدینہ میں موجود شعبہ جات مثلاً (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارُالسُنّہ) اور وقتاً فوقتاً ہونے والے مختلف مدنی کورسز وغیرہ کے انتظامی امور کی ذمہ داری بھی اِسی مجلس کے سپرد ہے۔

دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شُوریٰ کی اجازت سے مزید مدنی مراکز قائم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) کی تعمیرات، جامِعات المدینہ و مدارِس المدینہ اور دیگر مدنی کاموں کے اَخراجات مسلمانوں کے مدنی عطیّات کے ذریعے پورے کئے جاتے ہیں مگر ہر ایک کو اپنے طور پر چندہ وغیرہ جمع کرنے کی تنظیمی طور پر اجازت نہیں، اس کے لئے نگرانِ زون و نگرانِ کابینہ کی اِجازت ضَروری ہے۔

مجلس اِمامت کورس

اِمامت ایک ایسا مقدس شعبہ ہے کہ ہر شخص دل سے اس کی قدر کرتا ہے۔ اَمیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: امامت **اسلام کی بہترین خدمت** اور **رزقِ حلال** کے حصول کا عظیم ذریعہ ہے۔ ملک و بیرونِ ملک کی مساجد کے لیے اہل اور ذمہ دار **امام و مؤذن** مہیا کرنا "**مجلس امامت کورس**" کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ یہ مجلس اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ دعوتِ اسلامی کے تحت ذمہ داریاں سرانجام دینے والے **ائمہ کرام** امامت و نماز سے متعلق بنیادی فرض علوم سے مکمل آگاہی رکھتے ہوں، متقی ہونے کے ساتھ **باعمل** اور دِین کا درد رکھنے والے ہوں، مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق ذیلی حلقے کے 12 **مدنی کاموں** کے ذریعے نیکی کی دعوت عام کرنے والے ہوں۔

اچھا بیان ،عقائد میں پختگی، امامت و خطابت کی اہلیت، تجوید و قراءت سے تلاوتِ قرآن کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہونے کے ساتھ ساتھ حُسنِ معاشرت سے زندگی گزارنے والے ہوں۔ امامت کورس میں بنیادی عقائد، نمازو امامت سے متعلق ضروری فقہی مسائل، تجوید و قراءت اور اخلاقیات سکھانے کے ساتھ ساتھ **تنظیمی تربیت** کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ **امامت کورس** کرنے کے بعد کئی عاشقانِ رسول نے نہ صرف اپنی نمازوں کی درستی کی ہے بلکہ **مسجد کے امام** بن کر **اِمامت و خطابت** کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ **مجلس امامت کورس** کے تحت بالخصوص کے پی کے، بلوچستان اور کشمیر میں ائمہ کا تقرر کیا گیا ہے۔

مجلس ائمہ مساجد

بے شمار مساجد ایسی ہیں جن کے ائمّہ و مُؤَذِّنین اور خادِمین کے مُشاہَرے (تنخواہوں) کا مسجد انتظامیہ خاطر خواہ انتظام نہیں کرپاتی۔ لہٰذا!ان حضرات کی خیر خواہی میں تنخواہوں کی ادائیگی کا بھی دعوتِ اسلامی کی جانب سے سلسلہ جاری ہے۔ **بالخصوص دعوتِ اسلامی** کے تحت چلنے والی **مَساجد** کیلئے خطباء، **ائمہ و مُؤَذِّنین** کی تَقَرُّرِی کا کام سَر اَنْجام دینا بھی **مجلس ائمہ مساجد** کے سپرد ہے۔ خطباء، **ائمہ و مُؤَذِّنین** کی باقاعدہ **تنخواہ** (Salary) کا بھی انتظام کیا جاتا ہے، **مَساجد کو آباد** کرنے میں اِمام کا اَہم کردار ہوتا ہے، امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه امام کو علاقے کا **بے تاج بادشاہ** فرماتے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کے اَئِمّۂ کرام کو باقاعدہ یہ ذہن دیا جاتا ہے کہ وہ نماز پڑھانے کے ساتھ ساتھ بے نمازیوں کو نماز کی دعوت دیں، **صدائے مدینہ** لگائیں(یعنی نمازِ فجر میں

گلیوں میں آواز لگا کر لوگوں کو نماز کے لیے جگائیں)، **امیرِ اہلسنّت** کی کتب ورسائل سے درس دیں، **نمازِ فجر** کے **بعد مَدنی حلقے** میں شرکت اور **مدنی قافلے** میں سفر کر کے **مَسجدوں کو آباد** رکھیں۔ عاشقانِ رسول کی کئی اور ایسی مساجد بھی ہیں جن کے **ائمہ کرام کی تنخواہ** بھی دعوتِ اسلامی کی **مجلس ائمہ مساجد** کے ذریعے دی جاتی ہے **بیرون ملک** کی مساجد میں ائمہ کی تقرری بھی اسی مجلس کے ذریعے ہوتی ہے نیز پاکستان میں اطراف کے دیہاتوں بالخصوص کے پی کے، بلوچستان اور کشمیر کی 50 ہزار مساجد میں ائمہ کا بتدریج تقرر بھی اسی مجلس کے سپرد ہے۔ اس وقت صرف **پاکستان** میں تقریباً 1934 (ایک ہزار نو سو چونتیس) **ائمہ کرام** دعوتِ اسلامی کی **مجلس ائمہ مساجد** کے تحت **اِمامت و خطابت** کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَلٰی اِحْسَانِہٖ۔

شعبۂ تعلیم

شیخِ طریقت، **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ **فرماتے ہیں**: "طلبہ **ملک و ملت** کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، مستقبل میں قوم کی باگ ڈور یہی سنبھالتے ہیں، اگر ان کی شریعت و سنّت کے مطابق تربیت کر دی جائے تو سارا معاشرہ خوفِ خدا و عشقِ مصطفٰے کا گہوارہ بن جائے۔" **گورنمنٹ اور پرائیویٹ اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور مختلف تعلیمی اِداروں** سے مُنْسَلِک لوگوں میں **دعوتِ اسلامی** کے پیغام کو عام کرنے کے لیے **مجلس شُعْبۂ تعلیم** کا قِیام عمل میں لایا گیا، جس کا بُنْیادی مَقْصَد **تعلیمی اِداروں** سے وابستہ لوگوں کو دعوتِ اسلامی سے وابستہ کرتے ہوئے **سُنّتوں** کے مُطَابِق زِندگی گُزارنے کا ذِہن دینا ہے۔ یہ **مجلس کالجز اور یونیورسٹیز** کے اَساتذہ و

طلبہ اور دیگر عملے کو اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی سُنّتوں سے رُوشناس کرواتی ہے، تعلیمی اِداروں میں امیرِ اہلِ سنّت دَامَت بَرَکَاتُھُمُ العالیہ کے عطا کردہ **مدنی انعامات** کا نفاذ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، دیگر مدنی کاموں کے ساتھ ساتھ **ہاسٹلز** میں **نیکی کی دعوت** اور نمازِ فجر کے لیے **صدائے مدینہ** لگانے یعنی نماز کے لیے جگانے کا بھی اِہتمام کیا جاتا ہے۔ وقتاً فوقتاً **محفلِ نعت** کا بھی اِنعقاد کیا جاتا ہے، اس شعبے سے وابستہ عاشقانِ رسول، **ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرے** اور **مدنی قافلوں** میں سفر کرکے علمِ دِین حاصل کرتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ مُتعدّد دنیوی علوم کے دلدادہ بے عمل طَلَبہ، نَمازی اور سُنّتوں کے عادی ہو گئے ہیں، طالبات بھی پردے کی پابند اور سنتوں بھری زندگی گزارنے والیاں بن گئی ہیں۔

چھٹیوں میں بالخصوص طلبہ کو بعض فرض علوم، سُنّتیں اور آداب سکھانے، دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کا تعارف پیش کرنے، 12 مدنی کاموں میں عملی طور پر شامل ہونے کے لیے شعبہ تعلیم کے تحت فیضانِ نماز کورس، اصلاحِ اعمال کورس، مدنی کام کورس اور فیضانِ قرآن وحدیث کورسز بھی کروائے جاتے ہیں۔ اِسی طرح شعبۂ تعلیم سے وابستہ اسلامی بہنوں میں بھی شریعت کے مطابق نیکی کی دعوت عام کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً مختلف کورسز کی ترکیب کی جاتی ہے۔

دَارُالمدینہ (للبنین، للبنات)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی، اُمّتِ مسلمہ تک دِینی تعلیمات عام کرنے کیلئے، جامعاتُ المدینہ، مدارسُ المدینہ، سُنّتوں بھرے اجتماعات،

مَدَنی قافلے، علاقائی دورہ، مدنی تربیتی کورس، فرض عُلُوم کورس، مَدَنی چینل اور درسِ فیضانِ سُنَّت وغیرہ کے ذریعے خُوب سرگرمِ عمل ہے، مگر ضرورت اس بات کی تھی کہ کوئی ایسا تعلیمی اِدارہ ہو جو دِینی و دُنیاوی تعلیم کا حَسِین اِمتِزاج ہو، جس میں پڑھنے والے بچے اور بچیاں نہ صرف باوقار مُسلمان بنیں بلکہ پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرکے خُود کفیل ہو کر مُعاشرے میں نُمایاں مقام بھی حاصل کرسکیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ''دارُالمدینہ'' کے نام سے 25 صفر المظفر ۱۴۳۲ھ مطابق 31 جنوری 2011ء کو ایک اور نہایت اہم شعبہ قائم ہوا، جس کا بُنیادی مَقْصد اُمَّتِ مُصْطَفٰے کی نوخیز نسلوں کو سُنَّتوں کے سانچے میں ڈھالتے ہوئے دِینی و دُنیوی تعلیم سے آراستہ کرنا ہے۔ دارالمدینہ میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے اہل، تجربہ کار اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کرام کا انتخاب کیا جاتا ہے، وقتاً فوقتاً اساتذۂ کرام کی تربیت کا اہتمام بھی ہوتا ہے تاکہ اُنہیں جدید تعلیمی تکنیک سے آگاہی فراہم کی جاسکے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! مختصر سے عرصے میں اس وقت **ملک وبیرونِ ملک**، ہند، سی لنکا، برطانیہ (UK) اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ (USA) وغیرہ میں دارُالمدینہ کے 106 کیمپس (Campus) قائم ہوچکے ہیں، جن میں پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کی تعداد تقریباً 24308 (چوبیس ہزار تین سو آٹھ) ہے۔

مجلس مَدَنی اِنعامات

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اس پُرفتن دور میں آسانی سے نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل شریعت وطریقت کا جامِع مجموعہ بنام ''مَدَنی انعامات'' بصورتِ سُوالات عطا فرمایا ہے۔ امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ

الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: کاش! دیگر فرائض و سُنَن کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں ان مَدَنی انعامات کو بھی اپنی زندگی کا دستورُ العَمَل بنالیں اور تمام ذمّہ دارانِ دعوتِ اسلامی بھی اپنے اپنے حَلْقے میں ان (مَدَنی انعامات کے رسائل) کو عام کر دیں اور ہر مسلمان اپنی قَبْر و آخِرت کی بہتری کیلئے ان مَدَنی اِنعامات کو اِخلاص کے ساتھ اپنا کر اللہ پاک کے فضل و کرم سے جَنّتُ الْفِردوس میں مَدَنی حبیب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پڑوسی بننے کا عظیم ترین انعام پالے۔"

اسلامی بھائیوں کیلئے 72، اسلامی بہنوں کیلئے 63، طَلَبۂ عِلمِ دین کیلئے 92، دینی طالِبات کیلئے 83، مَدَنی مُنّوں اور مَدَنی مُنّیوں کیلئے 40 اور خصوصی اسلامی بھائیوں (گونگے بہروں) کے لئے 27 اور حج و عمرہ کرنے والوں کے لئے 19 مَدَنی اِنعامات ہیں۔ بے شمار اسلامی بھائی، اسلامی بہنیں اور طلبۂ کرام و طالبات مدنی انعامات کے مطابق عمل کر کے روزانہ وقت مقرر کر کے "فکرِ مدینہ" یعنی اپنے اعمال کا جائزہ لے کر مَدَنی اِنْعامات کے رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کرتے ہیں۔ ان مَدَنی اِنْعامات کو اپنا لینے کے بعد نیک بننے اور گناہوں سے بچنے کی راہ میں حائل رکاوٹیں اللہ پاک کے فضل و کرم سے دور ہو جاتی ہیں اور اس کی برکت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ پابندِ سنت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لئے کڑھنے کا ذہن بھی بنتا ہے۔ سبھی کو چاہئے کہ باکردار مسلمان بننے کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے مَدَنی انعامات کا رسالہ حاصل کریں اور روزانہ فکرِ مدینہ (یعنی اپنا محاسبہ) کرتے ہوئے اس میں دیئے گئے خانے پُر کریں اور ہر مدنی ماہ کی یکم تاریخ کو اپنے یہاں کے مَدَنی انعامات کے ذمّے دار

کو جمع کروانے کا معمول بنائیں۔

مدنی بہار

پیارے اسلامی بھائیو! مَدَنی انعامات پر عمل اور فکرِ مدینہ کر کے رسالہ پُر کرنے والے کس قَدَر خوش قسمت ہوتے ہیں اِس کا اندازہ اس مَدَنی بہار سے لگایئے چُنانچِہ زم زم نگر حیدرآباد (بابُ الاسلام سندھ) کے ایک اسلامی بھائی کا کچھ اس طرح حلفیہ بیان ہے کہ ماہِ رجبُ المرجَّب ۱۴۲۶ھ کی ایک شب مجھے خواب میں مصطفٰے جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسلَّم کی زیارت کی عظیم سعادت ملی۔ لَبہائے مبارَکہ کو جُنبِش ہوئی اور رَحمت کے پھول جھڑنے لگے، الفاظ کچھ یوں ترتیب پائے: جو اِس ماہ روزانہ پابندی سے مَدَنی انعامات سے مُتَعَلِّق فکرِ مدینہ کرے گا، اللہ کریم اُس کی مغفِرت فرمادے گا۔

مَدَنی انعامات کی بھی مرحبا کیا بات ہے

قُربِ حق کے طالبوں کے واسطے سوغات ہے

(فیضانِ سنت، باب فیضان رمضان، ج۱، ص۱۱۳۵)

مجلس مدنی قافلہ

دعوتِ اسلامی کے اَوائل (آغاز) ہی سے **امیرِ اہلِسنّت** دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ بزرگانِ دین کی اِتِباع میں راہِ خدا میں سفر کرتے۔ دن میں بسا اوقات ایک سے زائد مرتبہ بیانات کرتے اور بسوں، ٹرینوں میں سفر کر کے مسجد مسجد، گاؤں گاؤں، شہر شہر خود تشریف لے جاتے۔ کراچی میں آپ کے کھانے کا ٹِفن (Tiffen) اکثر ساتھ

ہو تا یہاں تک کہ عام طور پر ہر جگہ نمک کی ڈِبیابلکہ عموماً اپنا پانی تک ساتھ رکھتے کہ کسی سے سُوال نہ کرنا پڑ جائے۔ اَوائل میں اکثر ایسا ہوتا کہ گھر واپَس آتے وقت بس آدھے راستے میں اتار دیتی رکشہ یا ٹیکسی کا کرایہ ادا کرنے کی استطاعت نہ ہونے کے سبب آدھی رات کے وقت پانچ یا چھ کلو میٹر پیدل چل کر گھر آنا پڑتا۔ آپ نیکی کی دعوت دینے کے ساتھ ساتھ مریضوں کی عیادت کرتے، دور ونزدیک جاجا کر جنازوں میں شرکت فرماتے اور غمی وخوشی کے موقع پر مسلمانوں کی ایسی دلجوئی فرماتے کہ وہ بھی بِفَضْلِہٖ تعالٰی متأثر ہوئے بغیر نہ رہتے۔ یوں یہ سلسلہ بڑھتے بڑھتے مدنی قافلوں کی صورت اختیار کر گیا۔ مدنی قافلے دعوتِ اسلامی کے لیے **"ریڑھ کی ہڈّی"** کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اپنی اِصلاح کے ساتھ ساتھ **دُنیا بھر کے لوگوں کی اِصلاح** کے **عظیم مدنی مقصد** کے حصول کے لیے **مجلس مدنی قافلہ** قائم کی گئی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! مجلس مدنی قافلہ نے دنیا بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے کے لئے ایک **مکمل نظام** بنایا ہوا ہے، جس کے ذریعے ہزاروں عاشقانِ رسول سُنّتوں کی تربیت کے لیے مُلک بہ مُلک شہر بہ شہر اور قَریہ بہ قَریہ 3 دن، 12 دن، 1 ماہ اور 12 ماہ کے مدنی قافلوں کے مسافر بنتے ہیں، جس کی بدولت مسلمانوں تک **نیکی کی دعوت** پہنچنے کے ساتھ ساتھ **غیر مسلموں** کے **اسلام قبول** کرنے کی خبریں بھی ملتی رہتی ہیں، بے نمازی، نمازی بنتے ہیں، مسجدیں آباد ہوتی ہیں۔

نورانی چہرے دیکھ کر مسلمان ہو گیا

سنہ ۱۴۲۵ھ (جنوری 2005ء) میں دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے نگران

اور مجلس بیرونِ مُلک کے بعض اراکین وغیرہ کا مَدَنی قافِلہ کراچی پاکستان سے سفر کر کے ساؤتھ افریقہ پہنچا، اِسی دوران دعوتِ اسلامی کا مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ بنانے کیلئے جگہ دیکھنے کے لئے یہ مدنی قافلہ ایک مقام پر گیا، وہاں پہلے سے موجود اسلامی بھائیوں نے مَدَنی قافلے کا پُرتپاک طریقے پر خیر مَقْدَم کیا۔ اُس جگہ کا مالِک جو کہ غیر مسلم تھا، باعمامہ و بارِیش چمکدار و نور بار چہروں والے عاشِقانِ رسول کے جلووں اور اللہ اللہ کے پُرکیف نغموں میں مست ہو گیا، بے قرار ہو کر آگے بڑھا اور نگرانِ شورٰی سے کہنے لگا، "مجھے مسلمان کر لیجئے۔" اُسے فوراً سابقہ مذہب سے توبہ کروا کر کلمہ شریف پڑھا کر مسلمان کر لیا گیا، اسلامی بھائیوں کی خوشی کی انتہاء نہ رہی، اللہ اللہ کی زوردار صداؤں سے فضا کا سینہ دَہَل اُٹھا۔ (فیضان سنّت، باب آدابِ طعام، ج ۱، ص ۴۰۹)

مدینہ: مدنی قافلے کی مزید مدنی بہاروں اور دیگر بہت سی معلومات کے لئے "فیضانِ سنّت جلد اوّل کا مطالعہ کیجئے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! **صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد**

مَدَنی تربیت گاہیں (دَارُالسُّنَّہ)

امیرِ اہلِسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کی خواہش کو پورا کرتے ہوئے نیکی کی دعوت کو مُؤَثّر انداز میں عام کرنے کے لئے ملک و بیرونِ ملک **"دَارُالسُّنَّہ"** کے نام سے مدنی تربیّت گاہیں قائم ہیں جن میں دُور و نزدیک سے اسلامی بھائی آکر قیام کرتے، عاشقانِ رسول کی صحبت میں سنّتوں کی مدنی تربیت پاتے اور پھر قُرب وجَوار میں جا کر نیکی کی دعوت کے مدنی پھول مہکاتے ہیں۔ مدنی تربیت گاہوں میں اسلامی بھائی موجود ہوتے

ہیں، راہِ خدا میں چند گھنٹے یا چند منٹ پیش کرنے والا بھی یہاں سے علمِ دین کے مَدَنی پھول چُن سکتا ہے۔

جسے نیکی کی دعوت دُوں اُسے دیدے ہدایت تُو
زُباں میں دے اثر کر دے عطا زورِ قلم مولیٰ

(وسائلِ بخشش مُرمّم، ص99)

مجلس ہفتہ وار اجتماع

دعوتِ اسلامی کے تحت ملک و بیرونِ ملک ہونے والے سینکڑوں ہفتہ وار **اجتماعات** میں ہر ہفتے ہزاروں **عاشقانِ رسول** جمع ہو کر علمِ دِین حاصل کرتے ہیں، **سُنّتیں** اور **آداب** سیکھتے ہیں، مسلمانوں کے **قُرب** کی **برکتیں** حاصل کرتے ہیں، **اللہ** پاک کے گھر میں **رات اعتکاف** کرکے ثواب کا خزانہ لُوٹتے ہیں، کئی **مدنی انعامات** پر عمل کی سعادت پاتے ہیں، اِجتماع کے اِختتام پر **مدنی قافلوں** کے **مسافر** بنتے ہیں۔ ان ہفتہ وار اجتماعات کے لیے ایک مجلس بنام **مجلس** ہفتہ **وار اجتماع** قائم ہے۔ جس کا کام **ہفتہ واراجتماع** کے نظام کو **شرعی** اور **تنظیمی** اُصولوں کے مطابق چلانا ہے۔ **مجلس** ہفتہ وار اجتماع کے تحت ملک بھر میں اِسلامی بہنوں کے لیے 570 سے زائد اجتماعات ہوتے ہیں اور سینکڑوں اجتماعات بیرونِ ملک بھی ہو رہے ہیں۔

مجلس ہفتہ وار مدنی مذاکرہ

امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی صحبت دَرحقیقت بہت بڑی نعمت ہے۔

آپ کی صحبت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے کئی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے کثیر عاشقانِ رسول **ہفتہ وار مدنی مذاکرے** کے علاوہ (محرم الحرام، ربیع الاول، ربیع الآخر، رجب المرجب اور رمضان المبارک میں روزانہ 2) **مدنی مذاکروں میں براہِ راست (Live)**، انٹر نیٹ اوراو بی وین (OB Van) کے ذریعے شرکت کی سعادت حاصل کرتے ہیں، ہر عیسوی ماہ کے پہلے ہفتے بالخصوص **اسلامی بہنوں** کا مدنی مذاکرہ ہوتا ہے، جس میں دیگر سوالات کے جوابات کے ساتھ ساتھ اسلامی بہنوں کے (محارم یا بچوں اور بچیوں کے ذریعے کیے گئے) سوالات کے جوابات بھی دیے جاتے ہیں، ان مدنی مذاکروں میں عقائد و اَعمال، فضائل و مَنَاقِب، شریعت و طریقت، تاریخ و سیرت، سائنس و طِبّ، اَخلاقیات و اِسلامی معلومات، معاشی، معاشرتی و تنظیمی معاملات اور دیگر بہت سے موضوعات کے سوالات کا سلسلہ ہوتا ہے اور شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ انہیں حکمت آموز اور عشقِ رسول میں ڈوبے ہوئے جوابات سے نوازتے اور حسبِ عادت وقتاً فوقتاً صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! کی دِل نواز صدا لگا کر حاضرین کو **دُرُود شریف** پڑھنے کی سعادت بھی عنایت فرماتے ہیں۔ ہر ہفتے کو ہونے والا مدنی مذاکرہ تنظیمی طور پر ذیلی حلقے کے **12 مدنی کاموں** میں شامل ہے۔

مجلس مکتوبات و اَورادِ عطاریہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! دعوتِ اسلامی کی اس مجلس کے تحت **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کے اجازت دیئے گئے اَوراد کے ذَرِیعے دُکھیارے مسلمانوں کا فِیْ سَبِیْلِ اللہ روحانی عِلاج اور استخارہ کیا جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ہفتے میں 2 دن مدنی چینل پر **روحانی علاج و استخارہ** نامی سلسلہ براہِ راست(Live) نشر ہوتا ہے، جس سے ہزاروں مسلمان مستفیض ہوتے ہیں۔ دُنیا بھر کے عاشقانِ رسول کی خیر خواہی کی نیّت سے **فون لائنز** کے ذریعے بھی اِستخارہ کیا جاتا ہے، ماہانہ کم و بیش 55,000 (پچپن ہزار) اسلامی بھائی اس سروس کے ذریعے رابطہ کرتے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پر موجود **اِی میل استخارہ سروس** کے ذریعے بھی اِستخارہ کیا جاتا ہے۔

بیرونِ ملک کے عاشقانِ رسول کے لئے "واٹس ایپ(Whatsapp) اِستخارہ سروس" بھی موجود ہے، جس سے ماہانہ ہزاروں اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں فیضیاب ہوتے ہیں، پریشان حال اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لیے دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پر موجود "کاٹ سروس" کے ذریعے پریشانیوں، بیماریوں اور مشکلات کی کاٹ کی جاتی ہے، اس سروس سے ماہانہ کم و بیش 65 ہزار اور سالانہ کم و بیش 7 لاکھ 80 ہزار پریشان حال فیضیاب ہوتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اِس وقت مجلس کی طرف سے بِلا مبالغہ لاکھوں اورادِ عطاریہ، تعزیت نامے، عیادت نامے اور تسلی نامے بھیجے جاچکے ہیں اور ایک اندازے کے مطابق تادمِ تحریر مجلس کی طرف سے پاکستان بھر میں روزانہ لگنے والے تعویذاتِ عطّاریہ کے بستے (اسلامی بھائیوں کے) تقریباً 900، **بیرونِ ملک** تقریباً 300 ماہانہ مریضوں کی اوسطاً تعداد 3 لاکھ 35 ہزار، پاکستان بھر میں کم و بیش 117 مقامات پر "اسلامی بہنوں" کے بھی ہفتہ وار اورادِ عطاریہ کے بستے لگتے ہیں، جن پر اورادِ عطاریہ

دینے اور لینے والی صرف اسلامی بہنیں ہی ہوتی ہیں،ان بستوں سے ماہانہ ہزاروں اسلامی بہنیں فیضیاب ہوتی ہیں۔ماہانہ مکتوباتِ عطاریہ (دستی(By Hand)،بذریعہ ڈاک، بذریعہ نیٹ) کم و بیش 70,000 (ستّر ہزار) ماہانہ اورادِ عطاریہ تقریباً 6 لاکھ دیئے جاتے ہیں۔ اورادِ عطاریہ کے بستہ ذِمہ داران کی اِنفرادی کوشش کے نتیجے میں سینکڑوں عاشقانِ رسول مدنی قافلے میں سفر کرتے ہیں۔ہزاروں نئے اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کرتے ہیں، ہزاروں عاشقانِ رسول سلسلۂ عالیہ قادِریہ رضویہ عطّاریہ میں داخل ہونے کا شرف پاتے ہیں۔

کئی خوش نصیب داڑھی شریف اور عمامے کا تاج سجا کر 12 مدنی کاموں میں عملی طور پر شرکت کرنے والے بن جاتے ہیں، مختلف کورسز کے ذریعے فرض علوم، سُنّتیں اورآداب سیکھ کر شریعت کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش میں لگ جاتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! تعویذاتِ عطاریہ کے بستوں پر ''کفّار کے قبولِ اسلام ''کی خوشخبریاں بھی ملتی رہتی ہیں،اورادِ عطاریہ حاصل کرنے والوں کو ترغیب دِلا کر ہر ماہ مکتبۃ المدینہ کے ہزاروں رسائل بھی تقسیم کیے جاتے ہیں۔

ملک وبیرونِ ملک پریشان حال اسلامی بھائیوں کیلئے ''غمخواری اجتماعات'' کئے جاتے ہیں، جس میں صَلٰوۃُ الْحَاجَات، سنّتوں بھرے بیانات اور اجتماعی دعا کے ساتھ ساتھ اِستخارے ، پیلیے (یرقان) کے مریضوں کیلئے خصوصی علاج اور دِیگر مسائل کا تعویذاتِ عطاریہ کے ذریعے علاج کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ان اجتماعات میں ہزاروں اسلامی بھائی شرکت کرتے ہیں اوران میں سے کئی ہفتہ وار اجتماع، مدنی

مذاکروں کے پابند اور ہاتھوں ہاتھ مدنی قافلوں کے مسافر بھی بنتے ہیں۔

پاکستان کے علاوہ دِیگر مَمالک ساؤتھ افریقہ، کینیڈا، ماریشس، امریکہ، اسپین، یونان، ہانگ کانگ، ساؤتھ کوریا، افریقہ کے شہر (ممباسا، تنزانیہ، یوگنڈا)، انگلینڈ کے شہر (بریڈ فورڈ، برمنگھم)، بنگلہ دیش اور ہند (India) میں بھی اَوراد عطّاریہ کے سینکڑوں بستوں کی ترکیب ہے۔

دماغ کی رسولی

سکھر (باب الاسلام سندھ) کے مُقیم اِسلامی بھائی کا حلفیہ بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے علاقے میں ایک شخص کے دماغ میں رسولی (Brain Tumer) تھی۔ اس کے دو آپریشن ہو چکے تھے۔ اس کی حالت قابلِ رحم تھی۔ ڈاکٹروں نے بھی جواب دے دیا تھا۔ کسی نے اُنہیں مکتوبات و اَورادِ عطاریہ سے روحانی علاج کروانے کا مشورہ دیا مگر مریض کی حالت مایوس کُن ہونے کی وجہ سے گھر والوں نے خاص توجُّہ نہ دی۔ ایک دن اُن کے چھوٹے بھائی مجلس مکتوبات و اوراد عطاریہ کے اِسٹال (Stall) پر گھبرائے ہوئے آئے اور روتے ہوئے کہنے لگے: ”بھائی جان کی حالت بہت زیادہ خراب ہو گئی ہے۔ لگتا ہے شاید آج بھیّا کی زندگی کی آخِری رات ہے، وہ کسی کو نہیں پہچان رہے، سانس بھی اُکھڑی ہوئی ہے، کوئی روحانی علاج کر دیجئے۔“ مجلس کے اِسلامی بھائیوں نے انہیں تسلی دی: ”آپ مایوس نہ ہوں، اللہ پاک شفا دینے والا ہے۔ آپ یہ روحانی علاج کیجئے، اس کی بَرَکت سے کئی ایسے مریض بھی شفا پا چکے ہیں جنہیں ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دِیا تھا۔“

دوسرے دِن ان کے بھائی دوبارہ بستے پر آئے تو ان کے چہرے پر خوشی کے آثار تھے۔ انہوں نے بتایا: ”میں نے گھر جاکر جیسے ہی آپ کی ہدایات کے مطابق روحانی علاج کی ترکیب بنائی تو سارے گھر والے حیران رہ گئے کہ چند منٹ بعد ہی بھائی (جو لگتا تھا کہ آخری سانسیں لے رہے ہیں) نے آنکھیں کھول دیں۔ انہوں نے گھر والوں کو بٹھانے کا اشارہ کیا۔ انہیں سہارا دے کر بٹھا دیا گیا۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** انہوں نے کھانا بھی کھانا شروع کر دیا ہے۔“ 2 دن بعد دماغ کی رسولی (Brain Tumer) کے مرض میں مبتلا رہنے والے اِسلامی بھائی اپنے قدموں پر چل کر اوراد عطاریہ کے اِسٹال (Stall) پر ذِمّہ داران سے ملنے آئے اور بتایا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ میری طبیعت 75% فیصد صحیح ہو گئی ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ: رُوحانی علاج کی مزید مدنی بہاریں پڑھنے کے لئے ”خوفناک بلا، پُراَسرار کتا، سینگوں والی دُلہن، خوش نصیب مریض، خوفناک دانتوں والا بچہ، کینسر کا علاج، جنّوں کی دُنیا“ نامی رسائل مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے ہدیۃً طلب کیجئے۔

مجلس حج و عمرہ

حج کے مَوسِمِ بہار میں حاجی کیمپوں کے ساتھ ساتھ دیگر کئی مقامات پر **”مجلسِ حج و عمرہ“** کے تحت مُبلِّغینِ دعوتِ اسلامی حاجیوں اور مبلغاتِ دعوتِ اسلامی حجّنوں کی باقاعدہ تَربِیَت کرنے انہیں بارگاہِ خُداوندی اور بارگاہِ مُصْطَفَوِی کے

آداب اور **ضروری مسائل** سکھانے کا اِہتِمام کرتے ہیں۔عمرہ کی سعادت پانے والوں اور والیوں کی بھی تربیت کا سلسلہ رہتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اِس مجلس کے تحت حَرَمَیْنِ طَیِّبَیْن کے خوش نصیب مسافروں کو شرعی رہنمائی کے لیے امیرِ اہلِ سنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی تحریر کردہ کتابیں ”رَفِیْقُ الْحَرَمَین“ اور ”رَفِیْقُ الْمُعْتَمِرِیْن“ بھی تحفۃً پیش کی جاتی ہیں تاکہ اللہ پاک کے گھر کے مہمان اور حبیبِ خدا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے عُشّاق اِس عِبادت کو اَحسَن طریقے سے بَجالانے میں کامیاب ہو جائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ”مجلس آن لائن کورسز“ کی طرف سے اُمّتِ مسلمہ کی خیر خواہی و آسانی کرتے ہوئے حج و عمرہ کرنے والوں کے لیے آن لائن کورس کے ذریعے تربیت حاصل کرنے کی سہولت موجود ہے، تقریباً 1 ماہ کا ”فیضانِ حج اور فیضانِ عمرہ کورس“ کروایا جاتا ہے، جس میں حج و عمرہ کے تفصیلی احکام اور حج و عمرہ کا طریقہ سکھایا جاتا ہے۔

دعوتِ اسلامی کی مجلس آئی ٹی (I.T) کی طرف سے زائرینِ مکہ و مدینہ کے لیے میموری کارڈ (Memory Card) بنام ”حج و عمرہ کا طریقہ“ جاری کیا جا چکا ہے، نیز ”حج و عمرہ“ موبائل ایپلی کیشن (Application) بھی آچکی ہے۔

ایک شُعبہ **”مَجلسِ تَوقیت“** ہے ، اس شعبے کے ماہرین علمِ توقیت کے ذَرِیعے

نمازوں کے اَوْقات، طُلُوع وغُروب، سحری وافطاری کے اوقات اور سمتِ قبلہ کی دُرُست مَعْلُومات نَقْشہ کی صُورت میں تیار کرتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ مجلسِ تَوقیت نے اب تک نہ صِرف عِلْمِ تَوقیت کے اُصُول وقَوانین کے مُطابِق بے شُمار شہروں کے اَوْقاتُ الصَّلٰوۃ کے نَقْشہ جات تیار کئے ہیں بلکہ "اَوقاتُ الصَّلٰوۃ" کے نام سے ایک سافٹ ویئر (Software) بھی مُتعارَف کروایا ہے جو کمپیوٹر اور موبائل وغیرہ پر دُرُسْت نمازوں کے وَقْت کی نِشاندہی میں حَدْ دَرَجہ مُفید ہے۔ چُنانچہ کمپیوٹر (ڈیسک ٹاپ ایپلی کیشن، Desktop Application) کے ذَرِیعے دُنیا بھر کے تقریباً 27لاکھ مَقامات جبکہ موبائل ایپلی کیشنز کے ذریعے تقریباً10ہزار مَقامات کے لئے دُرُست اَوْقاتِ نماز، سحری وافطاری کے اوقات اور سَمتِ قبلہ بآسانی مَعْلُوم کرسکتے ہیں۔

مجلس مدنی کورسز

ایک شعبہ "**مجلس مدنی کورسز**" ہے، اس شعبے کے بنیادی کاموں میں **ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی** اور دیگر تمام عاشقانِ رسول کو وقتاً فوقتاً **مختلف مدنی کورسز** (مثلاً فیضانِ نماز کورس، اِصلاحِ اعمال کورس، 12 مدنی کام کورس، مدنی تربیتی کورس وغیرہ) کے ذریعے **علمِ دین** کی روشنی سے مالامال کرنے کے ساتھ ساتھ یہ مدنی تربیت کرنا کہ **دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کیسے کرنا ہے؟**" بھی شامل ہے۔ ہزاروں عاشقانِ رسول مختلف کورسز کرکے دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات میں اپنی دِینی خدمات پیش کرکے مدنی کاموں میں مصروف ہیں۔ کئی ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی بن کر نگرانِ مشاورت کی حیثیت سے مختلف علاقوں، شہروں میں ذیلی حلقے کے 12 مدنی کام کرکے سُنّتوں کی مدنی بہاریں

لُٹانے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔

کرم سے ''نیکی کی دعوت'' کا خوب جذبہ دے

دُوں دھوم سنّتِ محبوب کی مچا یاربّ

(وسائلِ بخشش مُرمّم، ص 77)

آن لائن کورسز (للبنین وللبنات)

دعوتِ اسلامی کا ایک اہم شعبہ آن لائن کورسز (للبنین وللبنات) ہے جس میں مختلف کورسز کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے، جیسا کہ ● طہارت کورس ● نماز کورس ● عقائد و فقہ کورس ● فیضانِ زکوٰۃ کورس ● فیضانِ بہارِ شریعت کورس ● فیضانِ فرض علوم کورس ● فیضانِ تفسیر کورس ● کفن دفن کورس ● فیضانِ تفسیر صراط الجنان کورس ● فیضانِ رمضان کورس ● قُربانی کورس وغیرہ ہر کورس کی مُدّت اور دورانیہ مختلف ہے، یہ کورس کرنے کے خواہش منداسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی وقت پڑھ سکتے ہیں۔ اب تک کم و بیش اِکتالیس (41) قسم کے کورسز تقریباً دو ہزار تین سو چھیالیس (2346) اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو کروائے جاچکے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اِس وقت دو ہزار ایک سو (2100) سے زائد طلبہ و طالبات کورسز کرنے کی سعادت پا رہے ہیں۔ طلبہ کو مدرس اسلامی بھائی اور طالبات کو مُدرِّسات اسلامی بہنیں ہی کورس کرواتی ہیں۔

اجتماعی اعتکاف (پوراماہِ رمضان / آخری عشرہ)

دعوتِ اسلامی کے معرضِ وجود میں آنے سے پہلے غالباً ۱۳۹۹ھ / 1979ء رمضان المبارک میں امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ نے نور مسجد کاغذی بازار میٹھادر کراچی (جہاں آپ امامت بھی فرماتے تھے) میں تنہا اعتکاف کیا۔ پھر اگلے سال آپ کی انفرادی کوشش سے مزید 2اسلامی بھائی آپ کے ساتھ اعتِکاف کرنے کے لئے تیار ہوگئے۔ امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کی ملنساری کی عادت اور انفرادی کوششوں کی برکت سے ایک سال ایسا آیا کہ مُعتَکِفِین کی تعداد 28 تک پہنچ گئی۔ اِس اجتماعی اعتکاف کی دُور دُور تک دُھوم مچ گئی کہ 28اور وہ بھی نوجوان اسلامی بھائی اعتکاف میں بیٹھے ہوئے ہیں چُنانچہ لوگ باقاعدہ اِن عاشقانِ رسول کی زیارت کے لئے آتے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اُسی سال (۱۴۰۱ھ / 1981ء کو) دعوتِ اسلامی کا سورج طُلوع ہو گیا، اگلے سال دعوتِ اسلامی کے اوّلین مَدَنی مرکز گلزارِ حبیب مسجد (گلستانِ اوکاڑوی، باب المدینہ کراچی) میں دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام پہلا اجتماعی اعتکاف کیا گیا۔ کم و بیش 60 اسلامی بھائیوں نے امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کے ہمراہ اعتکاف کرنے کی سعادت پائی۔ بڑھتے بڑھتے (تادمِ تحریر) یہ سلسلہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے مختلف مَمالک میں پہنچ گیا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ آج دُنیا کی بے شُمار مساجِد میں **پورے ماہِ رمضان اورآخری عشرے** (10 دن) **کا اجتماعی اعتکاف** کروایا جاتا ہے۔ جس میں ہزاروں **عاشقانِ رسول فیضانِ رمضان** کی برکتوں سے مالامال ہوتے ہیں، اعتکاف کی برکت سے اب تک نہ جانے

کتنوں کی زندگیوں میں **مدنی اِنقلاب** آچکا ہے۔ گناہوں پر **نَدامت، سچی توبہ، مدنی ماحول میں شمولیت، نمازِ پنجگانہ کی سعادت، تلاوتِ قرآن کا ذوق وشوق، غمِ مدینہ میں رونا، علمِ دین کا حصول، آخرت کی تیاری کی سوچ، اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی** اِصلاح کی کوشش کے لیے **چاندرات** سے ہی مدنی قافلوں میں سفر وغیرہ'' یہ **عظیم سعادتیں** ہزاروں عاشقانِ رسول کو **اعتکاف** کی برکت سے مل چکی ہیں۔ **مجلس اجتماعی اعتکاف** کا کام **اعتکاف** سے **متعلق تمام معاملات** کو ایک **طے شدہ جدول** (Schedule) کے مطابق **منظم** (Manage) کرنا ہے، گزشتہ سال صرف **پاکستان** میں **17 مقامات پر پورے ماہِ رمضان** کا اعتکاف ہوا، جس میں تقریباً 6258 (چھ ہزار دو سو اٹھاون) عاشقانِ رسول اور **آخری عشرے** کا اعتکاف 5650 (پانچ ہزار چھ سو پچاس) **مقامات** پر ہوا، جس میں تقریباً 139435 (ایک لاکھ اُنتالیس ہزار چار سو پینتیس) عاشقانِ رسول نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ دُنیا بھر میں ہزاروں اسلامی بہنیں بھی اپنے اپنے گھروں میں موجود ''**مسجدِ بیت**'' میں اعتکاف کی سعادت حاصل کرتی ہیں۔

سُنّت اعتکاف کے بارے میں مزید معلومات کے لیے رسالے ''اجتماعی سُنّت اعتکاف کا جدول'' کا مطالعہ مفید رہے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ

مجلس اسپیشل افراد

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کے **فیضان** سے **عُمُومی** (Normal) اسلامی بھائیوں کے ساتھ ساتھ **اسپیشل** (Special) **افراد** (نابینا، گُونگے اور بہرے) اسلامی بھائی بھی فیضیاب ہو رہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں **عُمُوماً** جنہیں

معاشرے میں کوئی اہمیت نہیں دیتا۔ علمِ دین نہ ہونے اور نیک صحبت سے دُوری کی وجہ سے بَسااوقات بے چارے **ضروری معلومات** سے محروم رہتے ہیں۔ معاشرے کے ان افراد تک نیکی کی دعوت پہنچانے کے لئے اس شعبے کے **تربیت یافتہ مبلغین** دعوتِ اسلامی کے **ہفتہ وار اجتماع** و دیگر **سُنّتوں بھرے اجتماعات** میں **اسپیشل افراد** کے حلقے لگاتے ہیں۔ **بڑی راتوں** کے اجتماعات (اجتماعِ میلاد، اجتماعِ غوثیہ، اجتماعِ شبِ براءت، اجتماعِ معراج وغیرہ) اور رَمَضانُ الْمبارَک کے **اجتماعی اعتکاف** میں بھی ان کی اصلاح و تربیت کی کوشش کی جاتی ہے۔ جن میں باقاعدہ **اشاروں کی زبان** (Sign Language) میں **نعت، بیان، ذکر اور دعا** کی ترکیب ہوتی ہے نیز **برَیْل لینگویج** (Braille Language) میں نابینا اسلامی بھائیوں کے لئے **تحریری رسائل** کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اشاروں کی زبان میں نیکی کی دعوت کی دُھومیں مچانے کیلئے وقتاً فوقتاً مُبَلِّغین کو 30 دن کا قفلِ مدینہ کورس کروایا جاتا ہے نیز گونگے بہرے اور نابینا اسلامی بھائیوں کے مَدَنی قافلے بھی سفر کرتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! پاکستان کے کئی شہروں میں خصوصی (یعنی نابینا، گونگی بہری) اسلامی بہنوں تک بھی نیکی کی دعوت پہنچانے کا سلسلہ جاری و ساری ہے، ان خصوصی اسلامی بہنوں میں مدنی کام کرنے کے لیے باقاعدہ ذمہ دار اسلامی بہنوں کے کورسز کا سلسلہ بھی ہوتا رہتا ہے۔

بابُ المدینہ کراچی 2007ء میں راہِ خدا میں سفر کرنے والے نابینا اسلامی

بھائیوں کا ایک مَدَنی قافلہ مطلوبہ مسجد تک پہنچنے کیلئے بس میں سوار ہوا۔ اس مَدَنی قافلے میں چند عُمُومی (Normal) اسلامی بھائی بھی شامل تھے۔ امیر قافلہ نے برابر بیٹھے شخص پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے اس کا نام وغیرہ معلوم کیا تو وہ کہنے لگا کہ ''میں غیر مسلم ہوں، میں نے مذہبِ اسلام کا مطالعہ کیا ہے اور اس مذہب سے متأثر بھی ہوں مگر فی زمانہ مسلمانوں کا بگڑا ہوا کردار میرے اسلام قبول کرنے میں رُکاوٹ ہے۔ البتہ میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ لوگ ایک جیسے (سفید) لباس میں ملبوس ہیں، جب بس میں چڑھے تو بلند آواز سے سلام کیا اور حیرت تو اس بات کی ہے کہ آپ کے ساتھ نابینا اشخاص نے بھی سر پر سبز عمامہ اور سفید لباس کو اپنا رکھا ہے، ان سب کے چہروں پر داڑھی بھی ہے۔''

اُس کی گفتگو سننے کے بعد امیر قافلہ نے اسے مختصر طور پر ''مجلس خصوصی اسلامی بھائی'' کے بارے میں بتایا۔ پھر شیخ طریقت، امیرِ اَہلسنّت دَامَت بَرَکاتُہُمُ العَالِیَہ کی عظیم دِینی خدمات کا تذکرہ کیا اور دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول کا تعارف بھی کروایا۔ پھر اس سے کہا کہ '' یہ نابینا اسلامی بھائی اُنہی بے عمل مسلمانوں (جنہیں دیکھ کر آپ اسلام قبول کرنے سے کترا رہے ہیں) کی اصلاح کے لئے نکلے ہیں۔'' یہ بات سن کر وہ اتنا متأثر ہوا کہ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا۔

مدینہ: گونگے بہرے اور نابینا اسلامی بھائیوں کی مزید مدنی بہاریں پڑھنے کے لئے رسالہ ''گونگا مبلغ'' مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے ہدیۃً طلب کیجئے۔ یہ رسالہ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net) سے پڑھا جاسکتا ہے

اور ڈاؤن لوڈ (Download) اور پرنٹ آؤٹ (Print Out) بھی کیا جا سکتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

مدنی چینل

ہر باشُعُور مسلمان یہ جانتا ہے کہ ہمارے معاشرے کی تباہی میں T.V کا بہت اہم کردار ہے! مُبَلِّغینِ دعوتِ اسلامی نے T.V کی تباہ کاریوں کے خلاف اچھی خاصی مُہم چلائی لیکن کماحَقُّہٗ کامیابی نہ پائی۔ غالب اکثریت دنیا و آخرت کی بھلائی بُرائی کی پرواہ کئے بغیر T.V دیکھنے میں مشغول ہے۔ T.V بینی میں ان کی دیوانگی کی حد تک دلچسپی کی وجہ سے شیطان ان کے کردار کے ساتھ ساتھ اِسلامی اَقدار پر بھی یَلغار کر رہا ہے۔ ابلیس کی تحریک پر اسلام ہی کا لبادہ اوڑھ کر بعض لوگ اسلام کو ماڈَرن انداز میں پیش کرنے کی مَذمُوم سعی کر رہے ہیں، اسلام کی حقیقی روح مسلمانوں کے دلوں سے نکالی جا رہی ہے۔ اب اگر ہم مساجد وغیرہ میں T.V کی تباہ کاریاں بیان کرتے بھی ہیں تو اوّل تو بمشکل 5 فیصد مسلمان نَماز پڑھتے ہوں گے ان میں بھی اِکّادُکّا ہی مذہبی بیان سننے میں دلچسپی لیتا ہے، نیز اسلامی بہنوں کو کون بیان سنائے؟ اگر لٹریچر چھاپتے ہیں تو دینی مطالعہ کرنے والوں کی تعداد مایوس کُن حد تک کم ہے! ان نامُساعِد حالات میں اس بات کا شدت سے احساس ہوا کہ مسلمانوں کی اصلاح کا دائرہ کار اگر صِرف مساجِد اور اجتماعات وغیرہ کی حد تک رکھتے ہیں تو اُمّت کی غالِب اکثریَّت تک ہمارا درد بھرا پیغام پہنچ ہی نہیں پاتا اور طاغوتی طاقتیں یکطرفہ طور پر اپنے مختلف چینلز کے ذریعے مسلمانوں کو گمراہ کرتی رہیں گی۔ غالب گمان یہی ہے کہ مسلمانوں کے گھروں

سے T.V نکلوانا ممکن نہیں بس ایک ہی صورت نظر آئی اور وہ یہ کہ جس طرح دریا میں طُغیانی آتی ہے تو اُس کا رُخ کھیتوں وغیرہ کی طرف موڑ دیا جاتا ہے تاکہ کھیت بھی سیر اب ہوں اور آبادیوں کو بھی ہلاکت سے بچایا جاسکے، عین اِسی طرح T.V ہی کے ذَرِیعے مسلمانوں کے گھروں میں داخِل ہوا جائے اوران کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے اور گناہوں اور گمراہیوں کے سیلاب سے انہیں خبر دار کیا جائے چُنانچِہ جب معلوم ہوا کہ اپنا T.V چینل کھول کر فلموں ڈِراموں، گانوں، باجوں، موسیقیوں کی دُھنوں اور عورتوں کی نمائشوں سے بچتے ہوئے 100 فیصدی اسلامی مَواد فراہم کرنا ممکن ہے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ نے خوب جدو جَہد کر کے رَمضانُ المُبارَک ۱۴۲۹ھ (2008ء) سے مدنی چینل کے ذَرِیعے گھر گھر سنّتوں کا پیغام عام کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مدنی نتائج آنے لگے۔ یقیناً اس کی یہ بَرَکت تو بچّہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب تک مَدَنی چینل گھر یا دفتر وغیرہ میں آن رہے گا کم از کم اُس وقت تو مسلمان دوسرے گناہوں بھرے چینلز سے بچے رہیں گے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** مدنی چینل کو ہماری توقع سے زیادہ کامیابی حاصل ہو رہی ہے، نیز مدنی چینل صرف اردو میں ہی نہیں بلکہ **انگلش** اور **بنگلہ** زبان میں بھی جاری ہے۔

ویڈیو گیمز اور **بے ہُودہ کارٹونز** کے ذریعے اُمّتِ مسلمہ کی **ننھی کلیوں** یعنی بچوں کو بھی اسلامی تعلیمات سے دُور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، بے حیائی کو فروغ دِیا جارہا ہے، دعوتِ اسلامی نے مُستقبل کے ان **نونہالوں** کو اس سیلاب سے بچانے، ان کی دُرست **پرورش** کرنے، انہیں قرآنِ کریم سکھانے، نماز یاد کروانے اور اس کا عملی

طریقہ بتانے اور دیگر بُنیادی معلومات پہنچانے کے لیے ایک بہت بڑا **عملی قدم** اُٹھاتے ہوئے روزانہ شام 04:00سے 06:00(پاکستانی وقت کے مطابق)"**بچوں کا مدنی چینل**"(Kids Madani Channel) کا اِہتمام بھی کیا ہے تاکہ بچوں کی بھی اسلامی انداز میں دُرست تربیت ہو سکے۔ اللہ پاک اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے، اٰمین۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ دنیا کے مختلف مقامات سے مبارکبادیوں اور حوصلہ افزائیوں کے پیغامات موصول ہوتے رہتے ہیں۔ بسا اوقات اس طرح کے پیغامات بھی ملتے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ میں نے مدنی چینل دیکھ کر گناہوں سے توبہ کر لی ہے، میں نے پانچوں وقت کی نماز شروع کر دی ہے، داڑھی شریف سجالی ہے، مدنی حُلیہ اپنا لیا ہے، عمامہ شریف سجالیا ہے، مدنی انعامات پر عمل اور مدنی قافلے میں سفر کی نیت کی ہے، اَلْحَمْدُلِلّٰہِ کفّار کی اسلام آوری کی مدنی بہاریں بھی موصول ہو رہی ہیں۔ آیئے! ہاتھوں ہاتھ مدنی چینل کی 3 مدنی بہاریں ملاحظہ فرمایئے۔

(1) غیر مسلم نے اسلام قبول کرلیا

لاہور کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے علاقے میں ایک ورکشاپ تھی، اُس میں ایک T.V بھی رکھا ہوا تھا جس پر کاریگر مختلف چینلز دیکھا کرتے تھے۔ رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ (2008ء) میں جب دعوتِ اسلامی کا مَدَنی چینل شروع ہوا تو انہیں کچھ ایسا بھایا کہ دیگر تمام چینلز کے بجائے اب وہ مَدَنی چینل دیکھنے لگے۔ ان کاریگروں میں ایک غیر مسلم نوجوان بھی تھا وہ بھی "مَدَنی چینل" کے پُرسوز سلسلوں (پروگرامز) میں دلچسپی لینے لگا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ صرف تین دن کے بعد وہ

کہنے لگا کہ میں **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُھُمُ العَالِیَه کی سادگی سے بہت متأثر ہوا ہوں اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا۔

کفر کے ایواں میں مولیٰ ڈالدے یہ زلزلہ

یاالٰہی! تا اَبد جاری رہے یہ سلسلہ

(وسائلِ بخشش مُرمّم، ص634)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّد

(2) اب مجھے گناہوں بھرے چینلز دیکھنے میں شرم آتی ہے

دعوتِ اسلامی کی ایک مُبَلِّغَه کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے: ایک اسلامی بہن، ان کے بچّے اور بچّوں کے ابو مَعَاذَ اللّٰه گناہوں بھرے T.V چینلز دیکھنے کے جُنون کی حد تک شوقین تھے، صبح اٹھتے ہی T.V آن کر دیا جاتا اور موسیقی اور بے حیا عورتوں کے ناچ وغیرہ کے مناظِر جاری ہو جاتے۔ بچّے بھی اسکول سے آتے ہی T.V پر حیاسوز مناظِر دیکھنے میں مشغول ہو جایا کرتے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰه ۱۴۲۹ھ (2008ء) کا رَمضانُ المبارَک جب برکتیں لٹانے لگا تو ایک بَرَکت ''مَدَنی چینل'' کی صورت میں بھی ظاہر ہو گئی، جس نے عاشقانِ رسول کے کلیجے ٹھنڈے کر دیئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰه! اُس اسلامی بہن کے گھر میں جہاں ہر وَقت گناہوں بھرے چینلز دیکھے جاتے تھے اب ہر وَقت مَدَنی چینل دیکھا جانے لگا ہے، اگر کبھی گناہوں بھرا چینل چلا بھی دیتا ہے تو فوراً بند کر کے پھر مَدَنی چینل کی ترکیب بنا دی جاتی ہے۔ ان کے بچّوں کے ابو کا کہنا ہے:

اب جب گناہوں بھرا چینل لگاتا ہوں تو مجھے شرم سی محسوس ہونے لگتی ہے کیوں کہ میں عطاری ہوں اور میرے پیرو مرشد مدنی چینل میں جلوہ فرما ہیں، اِس حال میں اب میں کوئی بے ہودہ چینل کیسے دیکھوں!

مدنی چینل کی مہم ہے نفس و شیطاں کے خلاف
جو بھی دیکھے گا کریگا اِنْ شَآءَ الله اِعتراف

(وسائلِ بخشش مُرمّم، ص632)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

(3) شراب خانہ بند کر دیا

لاہور کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے یہاں ایک شخص نے بلیرڈ کلب کھول رکھا تھا جس کی آڑ میں شراب بیچنے اور فحش فلمیں دکھانے کا دھندا بھی کرتا تھا۔ جب رَمَضان المبارک ۱۴۲۹ھ (2008ء) میں، اس نے T.V پر دعوتِ اسلامی کے مَدَنی چینل کے رقت انگیز سلسلے (یعنی پروگرامز) دیکھے تو اتنا مُتَاَثِّر ہوا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اس نے شراب وغیرہ کے کاروبار سے توبہ کرلی اور دو دن کے اندر اندر بلیرڈ کلب ختم کر دیا۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

مدنی چینل عام کریں مجلس

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! مدنی چینل جب سے آیا ہے، گھر گھر بہار آرہی ہے۔ اس اسلامی

چینل کے ذریعے گھر میں بیٹھ کر علمِ دِین سیکھنا بہت آسان ہو چکا ہے۔ یہ ایک ایسا **اسلامی چینل** ہے کہ اس میں **موسیقی** نہیں ہے، اس میں **بے پردہ عورتیں** نہیں ہیں، اس میں **ناچ گانا** نہیں ہے، اس میں **بے حیائی** نہیں ہے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ مدنی چینل وہ چینل ہے جس کو جب بھی آن (ON) کریں گے تو کچھ نہ کچھ علمِ دِین ہی سیکھنے کو ملے گا۔ کبھی مدنی مذاکرہ تو کبھی دار الافتاء اہلسنت، کبھی فیضانِ قرآن تو کبھی اللہ پاک کی حمد، کبھی نعت شریف تو کبھی سُنّتوں بھرا بیان، کبھی بچوں کی اسلامی تربیت تو کبھی روحانی علاج، الغرض مدنی چینل **اِصلاحِ معاشرہ** میں ایک بہت بڑا کِردار ادا کر رہا ہے۔ اَمیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے فرمان پر مدنی چینل کی نشریات کو گھر گھر پہنچانے اور اس سے متعلقہ مسائل کو حل کرنے کیلیے "**مدنی چینل عام کریں مجلس**" کا قیام عمل میں لایا گیا۔ یہ مجلس اپنے شعبے سے متعلقہ کاموں کے لیے کوشاں ہے۔ اس مجلس کے کاموں میں دنیا بھر کے تمام ممالک بالخصوص جہاں مسلمان رہتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کے ہر کونے، ہر گاؤں، ہر گھر میں **مدنی چینل** چلوانا ہے۔ اسی طرح مختلف عوامی مقامات پر مدنی چینل اور اس کے اہم ترین سلسلوں کی تشہیر کرنا، چینلز سے متعلق شعبہ جات کے افراد کو نیکی کی دعوت دینا، انہیں ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں میں شرکت کا ذہن دینا اور مدنی چینل کو بچوں میں عام کرنے کے لئے مختلف اسکولز وغیرہ میں مدنی چینل کے بچوں کے سلسلوں کا تعارف کروانا بھی اس مجلس کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ایک طرح سے دعوتِ اسلامی کے تمام ذمہ داران و مبلغین "**مدنی چینل عام کریں مجلس**" کے اراکین ہیں۔ اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی دعاؤں سے حصہ پانے

کے لیے آپ بھی مدنی چینل عام کرنے میں اس مجلس کا ساتھ دیں۔

مدنی چینل کے لیے جو ساتھ دے عطار کا
اس پہ ہو رحمت خدا کی اور کرم سرکار کا

آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ

انسانی زندگی ترقی کی منزلیں طے کرتی ہوئی **سوشل میڈیا**(Social Media) کے جس دَور سے آج گزر رہی ہے، اس میں **کمپیوٹر** اور **انٹرنیٹ** کا کردار بہت اہم ہے۔ فِی زمانہ اِنفارمیشن ٹیکنالوجی(Information Technology) کسی نہ کسی صُورت میں زندگی کے ہر شُعبے پر اثر انداز ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! **دعوتِ اسلامی** نے اصلاحِ اُمّت کے لئے دُنیا بھر میں اِسْلام کی بہاریں لُٹانے کے لئے جو مُتَعَدَّد مجالس اور شُعبے قائم کئے، انہی میں سے ایک شعبہ بنام"**آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ**"بھی ہے، جس کا کام **انفارمیشن ٹیکنالوجی** (Information Technology) کے ذریعے دُنیا بھر کے لوگوں کو **دُرست اسلامی تعلیمات** پیش کرنا ہے، **مجلس آئی ٹی** کے نمایاں کارناموں میں سے اَعْلیٰ حضرت **امام احمد رضا خان** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے شہرۂ آفاق **فتاوٰی رضویہ شریف** اور **ترجمۂ قرآن کنزالایمان** کو **سافٹ ویئر** کی شکل میں پیش کرنا بھی ہے، مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والی "**تفسیر صراط الجنان**" کا سافٹ ویئر بھی بن چکا ہے، **سینکڑوں کتب و رسائل**، آڈیو/ویڈیو(Audio/Video) **بیانات**، علمِ دین سے مالا مال سوال جواب پر **مشتمل مدنی مذاکرے** اور بہت کچھ جاننے کے لئے **دعوتِ اسلامی** کی بہت بڑی **مذہبی ویب سائٹ** (www.dawateislami.net) کا وِزٹ(Visit) بہت ساری **دِینی معلومات**

حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ اب تک 30 اپلی کیشنز (Applications) منظرِ عام پر آچکی ہیں۔

سوشل میڈیا (Social Media)

میڈیا کے اس دور میں ٹیکنالوجی اپنے عروج کو چُھو رہی ہے۔ خاص طور پر انٹر نیٹ کی ایجاد کے بعد سوشل میڈیا (Social Media) کے ذریعے دُنیا بھر میں کہیں بھی روابط کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ فیس بک (Facebook)، اِنسٹا گرام (Instragram)، واٹس ایپ (Whatsapp)، ٹوئٹر (Twitter) اور اس طرح کی دیگر ویب سائٹس (Websites) نے دنیا بھر میں اپنے کروڑوں صارفین بنائے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق اس وقت صرف پاکستان میں کم و بیش 50 ملین (یعنی پانچ کروڑ) سے زیادہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس موجود ہیں۔ ان افراد تک بھی قرآن و سنت کا پیغام پہنچانے کے لیے دعوتِ اسلامی نے ایک مجلس بنام **"مجلس سوشل میڈیا"** قائم کی ہے۔ عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کے تحت **"مجلس سوشل میڈیا"** اس وقت جن ویب سائٹس پر کام کر رہی ہے، ان میں یوٹیوب (YouTube)، فیس بک، ٹوئٹر، انسٹا گرام، ٹیلی گرام (Telegram) اور واٹس ایپ شامل ہیں۔ **فیس بک** (Facebook) پر 10 **پیجز** (Pages) پر کام کیا جارہا ہے، جن میں دعوتِ اسلامی، مولانا الیاس قادری، مولانا عبید رضا، حاجی عمران عطاری، حاجی شاہد عطاری، دارالافتاء اہلِ سنت، مدنی نیوز، مدنی چینل، مدنی چینل لائیو اور 30 سیکنڈ اَور لیس (Thirty seconds or less) شامل ہیں، جن سب پر ملنے والے لائیکس (Likes) کی کل تعداد تقریباً 1 کروڑ 30 لاکھ ہے۔ حاجی

عبد الحبیب عطاری کے فالوورز کی تعداد 948,662 (نو لاکھ اڑتالیس ہزار چھ سو باسٹھ) ہے۔**یوٹیوب** (YouTube) پر بھی **10 چینلز** پر کام جاری ہے ۔ جن میں مدنی چینل (Madani Channel)، مولانا الیاس قادری(Maulana Ilyas Qadri)،اسلام فور کڈز(Islam for kids)، مولانا عبید رضا عطاری (Maulana Ubaid Raza Attari) مولانا عمران عطاری (Maulana Imran Attari)، مدنی چینل اردو لائیو (Madani Channel Urdu Live)، مدنی چینل انگلش (Madani Channel English)، مدنی چینل انگلش لائیو(Madani Channel English Live)اور نعت پروڈکشن (Naat Production)شامل ہیں۔ ان تمام پیجز کے صارفین(Subscribers) کی تعداد تقریباً 1.7 ملین تک پہنچتی ہے۔ اگر آپ بھی سوشل میڈیا یوزر ہیں تو ان پیجز(Pages) اور چینلز(Channels) کو لائیک(Like)اور سبسکرائب (Subscribe) کیجئے، ان کا کونٹینٹ(Content)خوب شیئر کیجئے اور قرآن و سنت کے پیغام کو دنیا بھر میں پہنچانے میں دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجئے۔

ٹرانسلیشن ڈیپارٹمنٹ

مکتبۃ المدینہ سے شائع ہونے والی مختلف کتب و رسائل کے جُدا جدا زبانوں میں تراجم کر کے انہیں دنیا کے کئی مَمالِک میں بھیجنے کا سلسلہ رہتا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اس وقت دنیا کی تقریباً 36 زبانوں میں تراجم ہو رہے ہیں۔ مختلف زبانوں کے ترجمہ شُدہ ان کتب و رسائل کو دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net سے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

مکتبۃُ المدینہ

ایک اہم ترین شعبہ "**مکتبۃُ المدینہ**" بھی ہے جس کو دعوتِ اسلامی کا **دِل** (Heart) کہا جاتا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ۱۴۰۶ھ مطابق 1986ء میں عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی ادارے **مکتبۃُ المدینہ** کا شاندار آغاز ہوا۔ دنیا بھر میں بالخصوص **امیرِ اہلِ سنّت** علامہ **محمد الیاس عطار قادِری** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی **کتب و رسائل** اور **سُنّتوں بھرے بیانات** بڑی تیزی کے ساتھ عام کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ نے اوّلاً **کراچی** اور پھر **لاہور** سے **اشاعت** کا سلسلہ شروع کیا۔ مکتبۃ المدینہ سے اَعْلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ، **امیرِ اَہلِ سُنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اور المدینۃ العلمیہ کی کتب و رسائل شائع ہو کر لاکھوں عاشقانِ رسول تک پہنچ رہی ہیں، جس کی برکت سے **فیضانِ علمِ دین** خوب عام ہو رہا ہے۔ اسے کثیر الاشاعت ماہنامہ فیضان مدینہ کو ہر ماہ تین زبانوں (اردو، انگلش اور گجراتی) میں شائع کرنے کی سعادت بھی حاصل ہو رہی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! عربی کتب و رسائل کے لیے "**مکتبۃُ الْمَدِیْنَہ الْعَرَبِیَّہ**" بھی قائم ہو چکا ہے۔ جو عرب ممالک میں شائع ہونے والی اسلامی کتب کو منگوا کر مناسب داموں میں علما تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس وقت **ملک و بیرونِ ملک** مکتبۃ المدینہ کی **سینکڑوں شاخیں** (Branches) قائم ہو چکی ہیں، جن کے تحت کئی **ذیلی شعبہ جات** اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

مجلس تقسیمِ رسائل

مَجلس "تقسیمِ رسائل" دَرْ حَقِیقَت مکتبۃُ المدینہ ہی کا ایک شُعْبہ ہے جس کے کام میں **گھر گھر، دَفْتر دَفْتر، دُکان دُکان، اسکولز، کالجز، یُونیورسٹیز اور جامِعات و مدارِس، خُوشی و غَمی** (شادی، فَوتگی، چہلم و عُرس وغیرہ)، **بڑی راتوں کے اجتماعات، اِجْتماعی اِعْتکاف، اَعْراسِ بُزرگانِ دِیْن اور نمازِ جُمعہ وغیرہ کے مَواقع پر** مکتبۃ المدینہ کے کتب ورَسائل تقسیم کرنا شامل ہے۔

المدینہ لائبریری

معاشرے میں ایک تعداد ایسی بھی ہے جو کتاب پڑھنا تو چاہتی ہے مگر خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتی، اس بات کو شیخ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے شِدَّت سے محسوس کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا: "میرے غریب اسلامی بھائی مکتبۃ المدینہ کی کتب خرید نہیں پاتے، اس لئے ان کے لئے المدینہ لائبریری کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ وہ بھی مطالعہ کر سکیں۔" امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی اس خواہش کو پورا کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کی طرف سے سب سے پہلے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں **"المدینہ لائبریری"** کا قیام عمل میں لایا گیا، جس کے ذریعے **مطالعے کا شوق** رکھنے والوں کے لیے مکتبۃ المدینہ کی **کتب ورسائل** کی دستیابی کا اہتمام کیا جاتا ہے اور مدنی انعام نمبر 47: "کیا آج آپ نے تنہا یا کیسٹ اجتماع میں کم از کم 1 بیان یا مدنی مذاکرے کی آڈیو / ویڈیو کیسٹ بیٹھ کر سنی یا

دیکھی؟ یا مدنی چینل پر کم از کم 1 گھنٹہ 12 منٹ نشریات دیکھیں؟" کے مطابق **علمِ دِین** سے مالامال سوال جواب پر مشتمل **مدنی مذاکرے اور بیانات** (Audio & Video)، **مدنی چینل** کے پروگرامز سُننے/دیکھنے کے لئے المدینہ لائبریری میں کمپیوٹر اور اسکرین (LCD) کے ساتھ ساتھ پُرسکون ماحول فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جس کے ذریعے اسلامی بھائی شیخِ طریقت، امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے **بیانات و مدنی مذاکرے** دیکھتے اور سنتے ہیں، اس کے علاوہ مبلغینِ دعوتِ اسلامی کے **بیانات** سے حاصل ہونے والے قیمتی مدنی پھولوں کی مہکتی خوشبو سے اپنے دل و دِماغ کو معطر و معنبر کرتے ہیں۔ نیز مدنی چینل پر نشر ہونے والے مختلف سلسلے دیکھنے کی برکت سے علمِ دین کا بہت بڑا ذخیرہ بھی اپنے دامن میں سمیٹتے ہیں۔

کراچی کے علاوہ فیضانِ مدینہ حیدرآباد (باب الاسلام سندھ)، فیضان مدینہ مدینۃ الاولیاء ملتان، فیضان مدینہ فیصل آباد، فیضان مدینہ اسلام آباد اور فیضان مدینہ نکیال کشمیر وغیرہ میں بھی المدینہ لائبریری کا سلسلہ شروع ہوچکا ہے، مزید دِیگر شہروں میں بھی اس کی ترکیب کی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ

مجلس تحفظ اَوراقِ مُقَدَّسہ

کاغذ کی ایجاد سے پہلے لکھنا پڑھنا اور کسی بھی چیز کو ضبطِ تحریر میں لانا بہت بڑا مسئلہ تھا، تحریر کرنے کے لیے لکڑیوں، ہڈیوں، پتوں اور پتھروں کو استعمال کیا جاتا تھا، جبکہ تحریر کو محفوظ بنانے کے لیے ان چیزوں کی حفاظت ایک مشکل کام تھا، مگر کاغذ کی ایجاد نے لکھنا پڑھنا اور تحریر کو محفوظ کرنا بہت آسان بنا دیا، بالخصوص آج کے اس

ترقی یافتہ دور نے کاغذ کے بے پناہ استعمال میں اور بھی زیادہ آسانیاں پیدا کر دی ہیں، لیکن اس کا ایک نقصان یہ ہوا کہ کاغذ کے بے دریغ استعمال نے کاغذ کی قدر، اس کی اہمیت اور اس کے ادب کو ختم کر دیا، کسی بھی چیز کا زائد مقدار میں ہونا اس کی اہمیت کو ختم کر دیتا ہے، بالکل اسی طرح آج کاغذ کی قدر و قیمت کے جو حالات ہیں، وہ کسی سے ڈھکے چُھپے نہیں، گھروں، گلیوں، دکانوں، مکانوں، بالاخانوں، ہوٹلوں اور سڑکوں پر ہر جگہ کاغذات کے ڈھیر دکھائی دیتے ہیں، یہاں تک کہ اسکولز، کالجز اور بڑی بڑی یونیورسٹیاں بھی اس سے محفوظ نہیں رہی ہیں، جگہ جگہ اوراق کی پامالی کے دردناک مناظر ہیں حالانکہ سادہ کاغذ بھی لائقِ تعظیم و تکریم ہے، اس کا بھی ہر صورت میں ادب واحترام کیا جانا چاہیے، بَہارِ شَریعَت میں تو یہاں تک لکھاہے کہ نئے قَلَم کا تَراشہ (یعنی چِھیلَن) تو اِدھر اُدھر پھینک سکتے ہیں مگر مُستَعمَل (یعنی اِستِعمال شُدہ) قَلَم کا تَراشہ ایسی جگہ نہ پھینکا جائے کہ اِحتِرام کے خِلاف ہو۔(بَہارِ شَریعت،۳/۴۹۶)

دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں ادب و آداب کا صرف درس ہی نہیں دیا جاتا بلکہ اس کیلئے عملی طور پر جدّوجہد بھی کی جاتی ہے، دعوتِ اسلامی کا ایک باقاعدہ شعبہ **"مجلسِ تَحَفُّظِ اَوراقِ مُقَدَّسہ"** بھی ہے ۔ اس مجلس کا بنیادی مقصد **"مقدس اوراق"** کا تحفظ کرنا اور لوگوں کو ان کی بے ادبی سے بچانا ہے۔ اسی عظیم جذبے کے تحت **مجلس تَحَفُّظِ اَوراقِ مُقَدَّسہ** کے اسلامی بھائی مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والوں (مثلاً علماء، ائمہ، مسجد کمیٹیاں، تاجر، دُکاندار وغیرہ) کے تعاون سے مختلف مقامات پر اَوراقِ مُقَدَّسہ کے تَحَفُّظ کیلئے بکس (Box) یا بوریوں وغیرہ کی ترکیب بناتے

ہیں اور مجلس کے دیئے ہوئے شرعی و تنظیمی اُصولوں کے مُطابق اَوراقِ مُقَدَّسہ کو دفن، ٹھنڈا یا **محفوظ** کرنے کا بھرپور انتظام کرتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ **مجلس "تحفظِ اوراقِ مقدسہ"** پاکستان بھر کے چھوٹے بڑے 616 شہروں میں تحفظِ اوراق کا کام کررہی ہے۔ ایک لاکھ سترہ ہزار آٹھ سو سے زائد اوراق باکسز مساجد مارکیٹوں، بازاروں اور ٹاؤن وغیرہ میں نصب کئے جاچکے ہیں جنہیں ہر ماہ باقاعدگی سے خالی بھی کیا جاتا ہے۔ مختلف شہروں میں 857 بڑے ڈرم بھی لگائے گئے ہیں اور 25 ہزار سے زائد اسلامی بھائی ان باکسز کو خالی کرنے، اَوراق کو ٹھنڈا کرنے یا دفن کرنے میں معاونت کرتے ہیں۔ اب تک ساڑھے پانچ لاکھ سے زائد مقدس اوراق کے تھیلے شرعی طریقۂ کار کے مطابق محفوظ، ٹھنڈے یا دفن کیے جاچکے ہیں۔ مقدس اوراق کو ٹھنڈا کرنے کیلئے ایک منظم طریقہ کار بنایا گیا ہے۔ سب سے پہلے مختلف مقامات سے لائے گئے اوراق کو اسٹوز میں جمع کرکے ان کی چھانٹی کی جاتی ہے یعنی پینافلیکس، پلے کارڈ، بینرز وغیرہ الگ کرکے مصحف شریف یا مقدس اوراق کو مخصوص تھیلوں میں بھرا جاتا ہے اور پھر نہایت ادب واحترام کے ساتھ انہیں محفوظ، ٹھنڈا یا دفن کیا جاتا ہے۔

محفوظ سدا رکھنا شہا! بے ادبوں سے
اور مجھ سے بھی سرزد نہ کبھی بے ادبی ہو

"مجلسِ مزاراتِ اولیاء" کے ذِمہ داران دیگر مدنی کاموں کے ساتھ ساتھ

بُزرگانِ دِین کے مزاراتِ مبارکہ پر حاضر ہوکران کے عُرس کے موقع پر مختلف دینی خِدمات سرانجام دیتے ہیں مثلاً **قرآن خوانی** اورایصالِ ثواب کااِہتمام کرنا، محفلِ نعت کا اِنْعِقاد کرنا، مزارات سے مُلْحِقہ مساجِد میں مَدَنی قافلے سفر کروانا اوربالخُصُوص عُرس کے دِنوں میں مزار شریف کے اِحاطے میں **علمِ دین** سیکھنے سکھانے کے مَدَنی حلقے لگانا، جن میں وُضو، غُسل، تیمم، نماز اورایصالِ ثواب وغیرہ کاطریقہ، مزارات پر حاضری کے آداب اورسرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی سُنّتیں سکھائی جاتی ہیں، سَجادہ نشین ،خُلَفَااورمَزارات کے مُتَوَلّی صاحبان سے وقتاً فوقتاً ملاقات کرکے اِنہیں دعوتِ اسلامی کی خِدمات، جامعاتُ المدینہ و مدارِسُ المدینہ اورملک و بیرونِ ملک ہونے والے مَدَنی کاموں سے آگاہ کرنا وغیرہ۔ پاکستان بھر میں کم و بیش 1420 مزاراتِ اولیا پر بالخصوص سالانہ اعراس کے موقع پر دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں مثلاً مدنی درس و بیان، تربیتی حلقے وغیرہ کی ترکیب ہے جبکہ 97 مزارات پر روزانہ مدنی کاموں کا سلسلہ جاری ہے۔ جنوری 2016ء تا جنوری 2017ء، 13 ماہ کے دوران دعوتِ اسلامی کے تقریباً 839 مدنی قافلے مختلف مزارات پر حاضر ہوئے اور مدنی قافلوں کے عاشقانِ رسول نے تقسیمِ رسائل، تربیتی حلقوں اور دیگر مدنی کاموں کی ترکیب بنائی۔ مختلف مزارات پر تعویذاتِ عطاریہ اور مکتبۃ المدینہ کے بستوں کی ترکیب بھی بنائی گئی۔

مجلس اِزدِیادِ حُبّ

لڑائی جھگڑا کرنااس قدر تباہ کُن ہے کہ اِس میں مُبْتَلا ہو کربسااوقات انسان

دنیامیں ہی عبرت کاسامان بن جاتاہے۔ دعوتِ اسلامی دُنیا بھر کے **مسلمانوں کو مُتَّحِد** رکھنے کے لئے ہر وَقْت کوشاں ہے۔ جس کی ایک واضح جھلک دعوتِ اسلامی کے تحت قائم **"مجلس اِزْدِیادِ حُبّ"** بھی ہے۔ **"مَدَنی انعام نمبر55"** کو باقاعدہ تنظیمی طور پر عَمَلی جامہ پہناتے ہوئے وہ پُرانے اسلامی بھائی جو پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے اُنہیں مَدَنی ماحول میں فَعال کرکے **"مسجد بھرو تحریک"** میں شامل کرنا، اُن سے پیشگی وَقْت لے کر اِنْفِرادی طور پر دُکان، گھر یا دفتر جاکر ملاقات کرنا، اُنہیں سُنّتوں بھرے اِجتماعات و مَدَنی مذاکروں میں آنے کا ذہن دینا، اِجتماعی اِعتکاف اور مَدَنی کورسز (اِصلاحِ اَعمال کورس، فیضانِ نماز کورس وغیرہ) کرنے کی ترغیب دلانا، مَدَنی قافلوں میں سفر کروانا، اُن کے گھروں میں مَدَنی حلقے کی ترکیب کرنا، اُنہیں مدرسۃُ المدینہ بالغان میں شرکت کروانا، اُن کی خوشی، غمی، بیماری و فوتگی وغیرہ کے معاملات میں شریک ہونا اور مشکلات میں مکتوبات و اورادِ عطّاریہ کی ترکیب کرنا وغیرہ اِس مجلس کے مقاصِد میں شامل ہے۔

مجلسِ رابطہ بالعلماء

شیخِ طریقت، اَمیرِ اَہلسنّت دَامَت بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ **عاشقانِ رسول عُلَماء** سے مَحَبَّت کے نتیجے میں دعوتِ اسلامی نے ایک شُعْبہ بنام **"مجلسِ رابطہ بِالْعُلماء"** بھی قائم کیا ہے تاکہ اس شعبے کے ذمہ داران کے ذریعے عاشقانِ رسول عُلمائے کرام (ائمہ مساجد، خطبا، مُدرسین وغیرہ) کو عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اِسلامی کی دُنیا بھر میں **دِینی خِدمات** سے آگاہ کیا جائے، اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ ان سے **تعلُّقات** قائم کرکے دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں ان سے **مُعاوَنت** حاصل کی جائے اور

ان کی دُعائیں لی جائیں۔ سُنّی مَدارس وجامعات میں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں کی ترکیب بنائی جائے۔ عاشقانِ رسول کے جامعات و مدارِس میں دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کی ترکیب کرنا بھی اس مجلس کے کاموں میں شامل ہے۔

"**مجلسِ رابطہ**" کا کام ملک و بیرونِ ملک کی انتظامیہ اور دیگر شعبہ جات کی بااثر شخصیات میں عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دعوتِ اسلامی کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرنا ہے۔

مجلسِ رابطہ برائے تاجران

تجارت(Trading) ایک ایسا شُعْبہ ہے جو ہر ملک میں گویا رِیڑھ کی ہڈی کی حَیثیَّت رکھتا ہے، بلکہ کئی ملکوں کی مَعِیْشت کا اِنْحِصار ومَدار ہی تِجارت پر ہے، مگر علمِ دِین سے دُوری کی وجہ سے آج مسلمانوں کی ایک تعداد تجارت کے اسلامی سنہری اُصُولوں کی معلومات اوران پر عمل کرنے سے بہت دُور ہے۔ ایک شعبہ "**مجلسِ رابطہ برائے تاجران**" بھی ہے، جس کا کام شُعبہ تِجارت سے مُنْسلک لوگوں کو تجارت کے مُتَعَلِّق بنیادی اسلامی تعلیمات فراہم کرنا، ان میں نیکی کی دعوت کو عام کرنا، انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرنا ہے۔ بالخصوص تجارت سے وابستہ لوگوں کی شرعی رہنمائی کے لیے **مدنی چینل** پر ہفتے میں ایک دن براہِ راست(Live) پروگرام "**احکامِ تجارت**" بھی نشر کیا جاتا ہے، جس میں تجارت سے متعلق پوچھے گئے سوالات کی شرعی رہنمائی کی جاتی ہے۔ ● بڑی بڑی مارکیٹوں، شاپنگ مالز وغیرہ میں

مدرسۃ المدینہ بالغان کا اِہتمام کیا جاتا ہے۔● اہلِ محبت **مِل / فیکٹری مالکان** (Factory Owner) کو **مدنی قافلوں میں** سفر کا ذہن دینے کے ساتھ ساتھ ان کے تحت کام کرنے والے **ملازمین** کو بھی ہر ماہ مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دِلائی جاتی ہے۔ ● فیکٹری / کارخانے میں **مسجد / جائے نماز** کا اِہتمام کیا جاتا ہے تا کہ یہ عاشقانِ رسول بھی نمازوں کی پابندی کر سکیں ● فیکٹری / کارخانے کی مسجد / جائے نماز میں ماہِ رمضان میں **نمازِ تراویح** کا بھی اِہتمام کیا جاتا ہے۔● تاجران کو "**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**" کا مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی سالانہ بکنگ کی ترغیب دِلائی جاتی ہے ● شرعی رہنمائی کے لیے تاجران کو **دارُالافتاء اہلِ سنّت** سے مربوط رہنے کا ذہن دیا جاتا ہے۔ تاجران کو **مارکیٹوں، شاپنگ مالز** وغیرہ میں ہی **جُزوقتی فیضانِ نماز کورس** کرنے کی بھی ترغیب دِلائی جاتی ہے تا کہ وہ بھی اپنے کام کاج اوروقت کی سہولت کے مطابق "**فیضانِ نماز کورس**" کر کے اپنی نماز دُرست کرنے کی سعادت حاصل کریں۔ الغرض تِجارت کو صحیح معنٰی میں اِسلامی خُطوط پر اُستُوار (مُسْتَحْکَم و مَضْبُوط) کرنے کیلئے دعوتِ اسلامی کی یہ مجلس کوشش میں مگن ہے۔

مجلسِ رابطہ برائے اِسپورٹس

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کھلاڑیوں تک نیکی کی دعوت پہنچانے کیلئے بھی ایک شعبہ بنام "**مجلسِ رابطہ برائے اسپورٹس**(Sports)" قائم کیا ہے، جس کا بُنیادی مَقْصَد کھیلوں سے مُنسلک لوگوں میں دعوتِ اسلامی کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرنا ہے۔

مجلسِ ڈاکٹرز(Doctors)

ایک شعبہ " **مجلس ڈاکٹرز** " بھی ہے۔ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں طبیبوں(Doctors) کے ہر طَبقے کے لئے ایک الگ سے شعبہ قائم کیا گیا ہے۔ ان تمام شعبہ جات کی مَجالِس کا بُنیادی مَقصَد اس پیشے سے وابستہ لوگوں(ڈاکٹرز، میڈیکل اسٹوڈنٹس، اسپتال عملہ وغیرہ) کے دلوں میں **فَرض عُلُوم** کی اَہَمِیَّت اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ ان تک دعوتِ اسلامی کا پیغام پہنچانا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے اس مَدَنی مقصد" مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔" کے مُطابِق زِندگی گُزارنے کا مدنی ذِہن دینا ہے۔ مختلف مواقع پر ڈاکٹرز میں بھی وقتاً فوقتاً **اجتماع** اور **علمِ دِین سیکھنے سکھانے** کے **مدنی حلقے** وغیرہ ہوتے رہتے ہیں۔

مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز (Homeopathic Doctors)

ایک شعبہ "**مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز**"(Homeopathic Doctors) بھی ہے، اس شعبے (Department) سے متعلقہ ڈاکٹرز اور دیگر افراد تک نیکی کی دعوت اور **دعوتِ اسلامی کا تعارف** پہنچانا، انہیں مدنی ماحول سے وابستہ کرکے مختلف **تنظیمی ذمہ داریاں** دینا نیز ان کے کالجز وغیرہ میں دعوتِ دین پہنچانا مجلس "**ہومیو پیتھک ڈاکٹرز**" کے بنیادی کاموں میں شامل ہے۔

مجلس حکیم

ایک شعبہ " **مجلس حکیم** " بھی ہے حکمت کے شعبے سے وابستہ **حکیموں** اور

دیگر افراد تک نیکی کی دعوت اور دعوتِ اسلامی کا تعارف پہنچانا، انہیں مدنی ماحول سے وابستہ کرکے مختلف تنظیمی ذمہ داریاں دینا "مجلس حکیم" کے کاموں میں شامل ہے۔ طِبّ سے متعلقہ کالج و تعلیمی اِداروں کے پروفیسرز، ٹیچرز، عملے اوراسٹوڈنٹس (Students) کو بھی دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز (معالِجِ حیوانات) (Veternory Doctors)

اس مجلس کا کام ملک و بیرونِ ملک معالِجِ حیوانات (Veternory Doctors)، مرغبانی، ڈیری فارم، سینالہ، ادویات ساز کارخانہ، پرورش گاہ مچھلی، ماہی گیر، چارہ مل، مویشی منڈی، جنگلی حیات وغیرہ سے متعلقہ ڈاکٹرز، کسانوں اوران شعبوں (Departments) کے دیگر افراد میں دعوتِ اسلامی کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ کرنا ہے۔

مجلس اصلاح برائے قیدیان

عُموماً قراٰن وسنّت کی تعلیم سے بے بہرہ لوگ ہی اکثر نفس وشیطان کے بہکاوے میں آکر قتل وغارت گری، دہشت گردی، توڑ پھوڑ، چوری، ڈکیتی، بدکاری، منشیات فروشی، جُوا وغیرہ جیسے گِھناؤنے جرائم میں مبتلا ہوکر بالآخر جیل کی چار دیواری میں قید ہوجاتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تبلیغِ دین کے مُقدَّس جذبے کے تحت مُسلمان قیدیوں کی سُنَّتوں بھری تَربیَت کے لیے جیل خانوں میں دعوتِ اسلامی کی مجلس "**اِصلاح برائے قیدیان**" کے ذَریعے نیکی کی دعوت عام کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پاکستان کی مُتعدَّد جیلوں میں تعلیمِ قُرآن کے لئے مدرسے قائم ہوچکے ہیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ تمام

جیلوں میں یہ مَدارس قائم کئے جائیں گے۔ کئی جیلوں میں روزانہ شیخِ طرِیقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے رسائل سے درس دیا جاتا ہے، نیز کئی جیلوں میں ماہانہ و ہفتہ وار محفلِ نعت کا بھی سلسلہ ہوتا رہتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی مجلس مکتوبات و اورادِ عطاریہ کے ذریعے دُکھیارے، بیمار اور طرح طرح کی آزمائشوں میں مبتلا قیدیوں کا روحانی علاج کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ رہائی پانے والوں کی تَربِیَت کے لیے مختلف کورسز کا اِہتمام کیا جاتا ہے۔ مثلاً مدنی تربیتی کورس، اِصلاحِ اعمال کورس، فیضانِ نماز کورس، اِمامت کورس اور مُدرس کورس وغیرہ۔

کئی ڈاکو اور جَرائم پیشہ افراد جیل کے اندر رہونے والے مَدَنی کاموں سے مُتأَثِّر ہو کر تائب ہونے کے بعد رِہائی پاکر عاشِقانِ رسول کے ساتھ مَدَنی قافلوں کے مسافر بننے اور سُنّتوں بھری زندگی گزارنے کی سعادت پارہے ہیں، مُبَلِّغین کی انفِرادی کوشِشوں کے باعِث کُفّار قیدی بھی مُشَرَّف بہ اسلام ہو رہے ہیں۔

قیدی کی اِصلاح

شیخ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ تحریر فرماتے ہیں: ”دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں کی جَیل خانوں میں بھی دھوم مچی ہوئی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ جَیل کے اندر دیگر تبلیغی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ قیدیوں کیلئے تعلیمِ قراٰن اور شریعت کورس کا سلسلہ بھی رہتا ہے۔ جن کو پولیس کی مار اور کال کوٹھڑی کے تنگ و تاریک دَر و دیوار نہ سُدھار سکے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول کی بَرَکات سے ایسوں کی اِصلاحات کے بھی واقعات ہوئے ہیں۔ چُنانچِہ مشہور صوفی بُزُرگ بابا بُلّھے شاہ رَحمَۃُ اللہِ

عَلَیه کے پاکیزہ خِطّے ضلع قُصور ڈاکخانہ کھڈّیاں سے ایک اسلامی بہن نے کچھ اس طرح کی تحریر بھجوائی: ” مجھے بیوہ ہوئے آٹھ سال گزر چکے ہیں میرا ایک ہی بیٹا ہے۔ بُری صحبت کے سبب وہ لڑائی جھگڑوں کا عادی ہو گیا اور منشیات فروشی کے دھندے میں پڑ گیا، سمجھاتی تو مجھے گالیاں دیتا اور مارتا۔ آہ! میرا لختِ جگر، نظر کا نور اور دل کا سُرور بننے کے بجائے میرے جگر کا ناسُور بن گیا۔ کئی بار پولیس اُٹھا کے لے گئی، میں جُوں تُوں کر کے اُس کو چُھڑوا کر لاتی، کئی مقدَّمے اُس پر قائم تھے۔ آخِر کار کسی مقدَّمے میں اُس کو سزا سنائی گئی اور وہ جَیل کی آہنی سلاخوں کے پیچھے چلا گیا۔ تقریباً 8 ماہ کے بعد جب وہ ضَمانت پر رِہا ہو کر گھر آیا تو یہ دیکھ کر میں حیران رہ گئی کہ آیا یہ خواب ہے یا حقیقت! بات بات پر مجھے گالیوں سے نوازنے اور مار دھاڑ کرنے والا بد مزاج بیٹا آج میرے قدموں میں گر کر رو رو کر مجھ سے مُعافیاں مانگے جا رہا ہے۔

اتنے میں اذانِ مغرِب کی صدا سے فضا گونج اٹھی اور وہ نَماز پڑھنے کیلئے جانِب مسجِد روانہ ہو گیا۔ اس کے چہرے پر تقدُّس کا نُور جھلک رہا تھا اور انداز میں بھی نُمایاں تبدیلی تھی، کل تک گالیاں بکنے والا نوجوان آج بات بات پر سُبحٰنَ الله، اَلحَمدُ لِلّٰه، مَاشَآءَ الله اور اِنْ شَآءَ الله کہے جا رہا تھا، اُس کی زَبان ذکر و دُرود سے تَر تھی، عشاء کی نَماز باجماعت ادا کرنے کے بعد مسجِد سے واپَس آ کر وہ جلد ہی لیٹ گیا، میں بھی سو گئی رات تقریباً 2 بجے جب میری آنکھ کھلی تو قریبی چارپائی پر سویا ہوا بیٹا غائب تھا! میں گھبرا کر اُٹھ بیٹھی کہ کہیں پھر واردات کرنے اور کسی کا گھر اُجاڑنے تو نہیں چلا گیا! مگر جُوں ہی صحن کی طرف نظر اُٹھی تو کیا دیکھتی ہوں کہ میرا بیٹا مُصلّٰی بچھائے خُشُوع و

خُضُوع کے ساتھ تَہَجُّد ادا کر رہا ہے سلام پھیرنے کے بعد وہ رو رو کر ربِّ کائنات کے حُضُور مُناجات (دُعا) میں مشغول ہو گیا۔

گناہوں سے مجھ کو بچایا الٰہی	بُری خصلتیں بھی چُھڑایا الٰہی
خطاؤں کو میری مِٹا یا الٰہی	مجھے نیک خَصلت بنا یا الٰہی
تجھے واسطہ سارے نبیوں کا مولا	مِری بخش دے ہر خطا یا الٰہی

بیٹے کو روتا بلکتا دیکھ کر میرا دل بھر آیا اور میں روتے روتے اپنے لال سے لپٹ گئی۔ کچھ دیر تک ہم ماں بیٹا ہِچکیاں لے کر روتے رہے، جب اِفاقہ ہوا تو میرے اِستِفسار پر اُس نے اِس حیرت انگیز تبدیلی کے متعلق بتایا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ مجھے جَیل میں دعوتِ اسلامی کا مَدَنی ماحول مُیَسَّر آگیا، جَیل کے اندر دعوتِ اسلامی کے مُبَلِّغین باقاعِدہ قراٰنِ پاک وُضُو، نَماز اور سنّتیں سکھاتے اور دُعائیں یاد کرواتے ہیں۔ عاشِقانِ رسول کی انفِرادی کوشِش سے میں گناہوں سے تائب ہوا۔ یہ باتیں سُن کر میرا دل باغ باغ بلکہ باغِ مدینہ ہو گیا۔ میں دعوتِ اسلامی والوں کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے نافرمان، جرائم پیشہ اور نشے کے عادی بیٹے کو اِصلاح کا سامان فراہم کیا۔ دعوتِ اسلامی کا مجھ دکھیاری ماں پر اور ہمارے خاندان پر عظیم احسان ہے۔ میری دُعا ہے کہ اللہ پاک تمام غم زدہ ماؤں کے اُن اَسیر بیٹوں کو جو جیلوں کے اندر ہیں دعوتِ اسلامی کا مَدَنی ماحول نصیب کرے تاکہ وہ جَرائم سے مُنہ موڑ لیں اور سنّتوں سے رِشتہ جوڑ لیں۔"

مدینہ: اس طرح کی مزید مدنی بہاریں پڑھنے کے لئے رسالہ "دعوتِ اسلامی کی جیل خانہ جات میں خدمات" مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے ہدیۃً طلب کیجئے۔

مجلس لنگرِ رضویہ

عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی اس مدنی مقصد ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے''کی تکمیل کے لیے بڑی راتوں(مثلاً12ربیع الاول کو اجتماعِ میلاد، 11ربیع الاخر کواجتماعِ غوثیہ، 27 رجب المرجب کو اجتماعِ معراج،27رمضان المبارک کوشبِ قدروغیرہ)میں سنّتوں بھرے اجتماعات، مختلف مواقع پر تربیتی اجتماعات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لیے مختلف کورسز کا اہتمام کرتی ہے، جس میں ملک و بیرونِ ملک سے آئے ہوئے ہزاروں اسلامی بھائی مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) میں قیام کرتے ہیں اور مدنی مذاکروں، سنّتوں بھرے بیانات کے ذریعے علمِ دین کے قیمتی موتیوں کو اپنے دامن میں سمیٹتے ہیں۔ مجلس لنگرِ رضویہ ان تمام کو کھانے پینے کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ملک و بیرونِ ملک پورے ماہِ رمضان اور بالخصوص آخری عشرے میں ہزاروں عاشقانِ رمضان ''اعتکاف'' کی سعادت حاصل کرتے ہیں، اِن کی **سحری وافطاری** کا انتظام بھی مجلس لنگرِ رضویہ کرتی ہے۔مدنی مشوروں میں شرکت کرنے والے عاشقانِ رسول کو بھی حتی الامکان '' لنگرِ رضویہ'' سے کھانا پیش کیا جاتا ہے تاکہ ان عاشقانِ رسول کا وقت ضائع نہ ہو اور یہ دلجمعی کے ساتھ علمِ دین اور مدنی کاموں کی دھومیں مچانے کے لیے مدنی تربیت حاصل کرنے میں مصروف رہیں۔

مجلس خیر خواہی(زلزلہ وسیلاب زدگان وغیرہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی دُنیابھر کے مسلمانوں کی خیر خواہی کے لیے پیش پیش

ہے۔ دیکھا یہ گیا ہے کہ زلزلہ اور سیلاب جیسی ناگہانی آفات سے ہنستے بستے شہر اُجڑ جاتے ہیں، آسمان کو چُھوتی بلند و بالا عمارتیں زمین بوس ہو جاتی ہیں اور ان آفتوں میں گرفتار علاقہ تنگ دستی اوراس جیسی سینکڑوں آزمائشوں کا شکار بن جاتا ہے اورایسی نازک صورتِ حال میں مالی دادرسی کے ساتھ ساتھ نیکی کی دعوت کا سلسلہ عموماً بہت کم نظر آتا ہے۔ دعوتِ اسلامی نے اس کمی کو محسوس کرتے ہوئے ایک شعبہ **مجلس خیر خواہی**(زلزلہ و سیلاب زدگان وغیرہ کے لیے) قائم کیا۔ اس مجلس کے تحت مختلف انداز سے اُمّتِ مسلمہ کے غم میں شامل ہو کر ان کی دِلجوئی اور حوصلہ افزائی کی کوشش کی جاتی ہے۔ شعبہ "**مجلس خیر خواہی**(زلزلہ، سیلاب زدگان وغیرہ)" کے عاشقانِ رسول **ناگہانی آفات**(زلزلہ، سیلاب وغیرہ) میں مبتلا ہونے والوں کی **خیر خواہی** (رقم، راشن، مختلف سامان وغیرہ) پہنچانے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں، انتقال کر جانے والوں کے **کفن دفن** کے معاملات، **زخمی اوربے گھر** ہونے والوں کو مناسب مقام پر پہنچانے میں یہ اسلامی بھائی فِی سَبِیْلِ الله اپنی خدمات پیش کرتے ہیں۔

کورونا وائرس کی موجودہ وَبا میں دنیا بھر میں دعوتِ اسلامی کی خدمات کی مختصر جھلک پیشِ خدمت ہے:

❁ملک اور بیرونِ ملک متأثر ہونے والوں کو راشن پیش کیا گیا۔ ❁ روزانہ پندرہ ہزار (15000) سے زائد گھروں میں راشن پہنچایا جارہا ہے۔ ❁ جن گھروں میں مردوں کے ذریعے راشن پہنچانا ممکن نہ تھا اُن تک خواتین کے ذریعے راشن فراہم کیا گیا۔ ❁ راشن کے ساتھ ساتھ نقد رقم بھی متأثرین میں تقسیم کی گئی۔ ❁ محبتِ اہل بیت کا ثبوت دیتے

ہوئے با قاعدہ فہرست بنا کر سادات گھرانوں میں راشن پیش کیا گیا۔۞ہزاروں ائمہ اور مؤذنین کی خدمات میں رقم پیش کی گئی۔ ۞پاکستان بھر میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے جہاں اشیائے خور دونوش کا حصول مشکل ہوا وہیں بہت سارے ان مریضوں کو بھی سخت آزمائش کا سامنا کرنا پڑا جنہیں خون کی ضرورت پیش آتی ہے بصورت دیگر جان کا خطرہ لاحق ہوجاتا ہے جیسے تھیلیسیما وغیرہ کے مریض۔ دعوتِ اسلامی نے نہ صرف ان کے لیے خون کا عطیہ ممکن بنایا بلکہ انٹرنیشنل اصولوں کے تحت تمام تر حفاظتی اقدامات بروئے کار لاتے ہوئے مختلف مقامات پر کیمپ قائم کیے جہاں ہزاروں مسلمانوں نے ٹیسٹ کے بعد اپنا خون عطیہ کیا جو ضرورت مند مریضوں کو پیش کیا گیا۔ جس کی محتاط کارکردگی (18.04.2020) یہ ہے: کل 104 شہروں میں 81 مقامات پر خون کا عطیہ جمع کرنے کا اہتمام کیا گیا اور نو ہزار (9000) سے زیادہ خون کی بوتلیں جمع کی گئیں۔

جب سے یہ مجلس بنی ہے، اُس وقت سے اب تک پاکستان میں آنے والی ان ناگہانی آفتوں میں اس مجلس نے مثالی کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اگر خدانخواستہ کہیں ایسی صورتِ حال پیش آئی تو یہ مجلس اپنے فرائض کو بحسن وخوبی انجام دے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ۔ اللہ پاک ہر طرح کی ناگہانی آفات سے ہماری حفاظت فرمائے۔

اٰمین بجاہِ النبیِّ الامین صَلَّی اللہ عَلَیہ وَاٰلِہٖ وَسلَّم

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

مجلس طِبّی علاج

ملک وبیرونِ ملک میں جو (اَجیر) اسلامی بھائی اوراسلامی بہنیں دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات کے ذریعے سنتوں کی خدمت میں مصروفِ عمل ہیں، انہیں علاج کی سہولت فراہم کرنے کیلئے ایک شعبہ "**مجلس طبّی علاج**" قائم ہے۔اس شعبے کے تحت عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں قائم مستشفیٰ میں تقریباً تین ہزار(3000) مریضوں کا ماہانہ علاج کیا جاتا ہےاور عندالضرورت مریض کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے جاتے ہیں۔ جس میں ہزاروں روپے کے ماہانہ اخراجات ہوتے ہیں۔ مُستَشفٰی فیضانِ مدینہ (کراچی) کے **ماہانہ 5لاکھ** اور مجلس طبّی علاج کے ماہانہ تقریباً**45لاکھ** اخراجات ہورہے ہیں۔

شِفاخانے

مدنی مراکز(فیضانِ مدینہ) میں محدود پیمانے پر شِفاخانے بھی قائم ہیں جہاں بیمار طَلَبہ اور مَدَنی عملے کا مفت عِلاج کیا جاتاہے، ضرورتاً مریضوں کو داخل بھی کرتے ہیں نیز حسبِ ضرورت بڑے اسپتالوں کے ذریعے بھی علاج کی ترکیب بنائی جاتی ہے۔ عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں 10 بستروں پر مشتمل مُستَشفٰی (ہسپتال) موجود ہے۔ جہاں طبی اِمداد کا مناسب انتظام ہے۔عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی کے علاوہ بھی دیگر کئی جامعات المدینہ ورہائشی مدارس المدینہ (للبنین) میں بھی رہائشی طلباء اور مدنی عملے کو ممکنہ صورت میں علاج کی سہولیات دی جاتی ہیں۔

مجلس برائے کفن دفن

دعوتِ اسلامی کا ایک شعبہ **مجلس برائے کفن دفن** بھی ہے،اس شعبے کے ذِمّے شرعی طریقہ کار کے مطابق مسلمان میّتوں کے فِیْ سَبِیْلِ الله غسل و کفن دفن اور لواحقین / سوگواران کی غمگساری کے تمام معاملات سر انجام دے کر ثواب کمانا ہے۔ اِس شعبے سے وابستہ عاشقانِ رسول کو **غسلِ میّت** ، **کفن دفن** سے **متعلق** تمام بنیادی معاملات کی **معلومات** پہنچانے اوراس کا **عملی طریقہ** سکھانے کے لئے ملک و بیرونِ ملک **اجتماعات** کا اِنعقاد بھی کیا جاتا ہے۔ مکتبۃ المدینہ نے اس سے متعلق ایک DVD بھی جاری کی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰه!امیر اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه کے فیضانِ نظر سے دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام جہاں اور شعبہ جات اور مجالس کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے وہیں ایک ''مجلس برائے کفن دفن'' بھی قائم کی گئی ہے۔ اس شعبے کے ذِمّے شرعی طریقۂ کار کے مطابق مسلمان میّتوں کے فِیْ سَبِیْلِ الله غسل و کفن دفن اور لواحقین / سوگواران کی غمگساری کے تمام معاملات سر انجام دے کر ثواب کمانا ہے۔ رنج و غم کی ان گھڑیوں میں اسلامی بھائیوں کی شفقتوں اور سنّت کے مطابق کفن دفن کے طریقے سے متأثر ہو کر لوگ اپنے مُردوں کے غسل وکَفَن کیلئے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ اسلامی بھائیوں کو ترجیح دیتے ہیں اور بسااوقات دعوتِ اسلامی کی طرف سے ہونے والی اِس عظیم دِینی خدمت سے متأثر ہو کر دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہو کر یہ بھی نیکی کی دعوت کی دُھومیں مچانے والے بن جاتے ہیں۔

اِس شعبے سے وابستہ عاشقانِ رسول کو **غسلِ میّت**، **کفن دفن** سے **متعلق** تمام بنیادی معاملات کی معلومات پہنچانے اوراس کا **عملی طریقہ** سکھانے کے لئے ملک و بیرونِ ملک **اجتماعات** کا اِنعقاد بھی کیا جاتاہے۔ مکتبۃ المدینہ نے اس سے **متعلق** ایک DVD بھی جاری کی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ!اس مجلس کے ذمہ داران کی مدنی تربیت کرنے کے ساتھ ساتھ اِس شعبے سے متعلقہ افراد مثلاً ''گورکن، قبرستانوں کی اِنتظامیہ'' وغیرہ سے بھی وقتاً فوقتاً ملاقات کا سلسلہ ہوتاہے اور انہیں اِس شعبے کے تحت ہونے والی دعوتِ اسلامی کی خدمات سے متعارف کروایاجاتاہے اوراِس شعبے کے حوالے سے مدنی تربیت اورشرعی اغلاط کی نشاندہی کی صورت میں شرعی رہنمائی بھی کی جاتی ہے۔کچھ دن قبل امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی ترغیب پر'' مجلس کفن دفن'' کے ذمہ دار اسلامی بھائیوں نے مُلک وبیرونِ ملک گورکنوں، قبرستان کی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ افراد سے ملاقات کرکے اس حوالے سے انفرادی کوشش اور امیرِ اہلسنّت کی ترغیب پر مشتمل ویڈیو کلپ(Video Clip) دِکھانے کی ترکیب بنائی، جس میں ''سُنّت کے مطابق قبر بنانے کا طریقہ'' بتایا گیا۔متعدد گورکنوں وغیرہ نے اس سنّت کوزِندہ کرنے کی نیت کا اظہار کیا۔باب المدینہ (کراچی) میں ڈائریکٹر قبرستان سے ملاقات ہوئی اور اس حوالے سے ترغیب دِلاکر مذکورہ ویڈیو کلپ (Video Clip) دِکھانے کا سلسلہ ہواتو انہوں نے دعوتِ اسلامی کی اس کوشش کو سراہنے کے ساتھ ساتھ باقاعدہ ایک (Notification)جاری کیا، جس میں تمام قبرستانوں کی انتظامیہ اور گورکنوں وغیرہ کو

سنّت کے مطابق قبر بنانے کی ہدایت کی۔

تمام اسلامی بھائیوں سے مدنی التجاء ہے کہ کسی بھی مسلمان کے انتقال کی صورت میں اس سنت (سنّت کے مطابق قبر بنانے) پر عمل کرنے کی کوشش کریں، دوسروں کو اس کی ترغیب دلائیں اور اللہ پاک کی رحمت سے 100 شہیدوں کے ثواب کے حقدار بنیں۔

عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک **دعوتِ اسلامی** زندگی کے **تمام شعبوں** سے تعلق رکھنے والے افراد کی رہنمائی کر رہی ہے، حتی الامکان کوشش کی جارہی ہے کہ ہر ایک تک **100 فیصد دُرست اسلامی معلومات** پہنچیں تا کہ مُعاشرہ گناہوں اور نافرمانیوں سے بچ کر نیکی کی راہ پر گامزن رہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں **کسانوں، زمینداروں اور باغ کے مالکان** تک نیکی کی دعوت ، **شرعی احکامات** پہنچانے، ان کی **فصلوں** (گندم، چاول، پھل وغیرہ) کی **زکوٰۃ** (عُشر) کو **بَروقت** اور **دُرست مَصرف** میں اِستعمال کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً **اِنفرادی ملاقات** کے ساتھ ساتھ **کسان اجتماعات** کا اِنعقاد بھی کیا جاتا ہے، جس میں دعوتِ اسلامی کے **مبلغین** ان کی رہنمائی کرتے ہیں۔ نیز دعوتِ اسلامی کی ایک مجلس عشر بھی قائم ہے جو فصلوں اور پھلوں کا عشر جمع کرتی ہے۔

مجلس ٹرانسپورٹ (Transport)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دعوتِ اسلامی کے تحت شعبہ جات میں

سے ایک شعبہ **"مجلسِ ٹرانسپورٹ(Transport)"** بھی ہے،اِس شعبے کا کام ائیر لائنز،ائیر پورٹس ،ریلویز، پبلک ٹرانسپورٹ، پرائیوٹ ٹرانسپورٹ، گُڈزاِسٹیشنز اور اِن سے **تَعَلُّق** رکھنے والے مُختلِف اِسٹینڈز (مثلاً بس، ٹرک، ٹیکسی، موٹر سائیکل و سائیکل اسٹینڈ، تمام قسم کی ورکشاپس، اسپیئر پارٹس کی دوکانیں وغیرہ) اور مارکیٹس و شو رُومز (مثلاً کار، رکشہ، موٹر سائیکل، سائیکل) سے وابستہ اسلامی بھائیوں میں عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دعوتِ اسلامی کے مَدَنی پیغام کو عام کرنا اور اُنہیں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے اِس مَدَنی مَقْصَد "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے اِنْ شَآءَ اللّٰہ" کے مطابق زندگی گزارنے کا مَدَنی ذِہن دینا ہے۔

مجلس بیرونِ ملک

دنیا کے کئی **ممالک** میں سنّتوں بھرے اجتماعات اور دیگر مدنی کاموں کا سلسلہ جاری ہے ، جن میں کثیر مقامی اسلامی بھائی شرکت کرتے ہیں۔ان اجتماعات اور دیگر مدنی کاموں کی برکت سے وقتاً فوقتاً غیر مسلم، مسلمان ہو جاتے ہیں، دنیا کے کئی ممالک میں مدنی قافلے راہِ خدا میں سفر اختیار کرتے ہیں۔ کئی عاشقانِ رسول مختلف کورسز کے لیے بھی اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں۔ان اجتماعات اور دیگر مدنی کاموں کو منظم کرنے کے لیے مجلس بیرونِ ملک قائم ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

ذِمہ داران کے سنّتوں بھرے اجتماعات

ملک و بیرونِ ملک ذمّہ داران کے 2 / 3 دن کے سنتوں بھرے اجتماعات مُنْعَقِد

کئے جاتے ہیں، ان میں امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے مدنی مذاکروں، مفتیانِ کرام، اراکینِ شوریٰ و دیگر مبلغینِ دعوتِ اسلامی کے بیانات کے ذریعے عاشقانِ رسول کی مدنی تربیت کا سلسلہ ہوتا ہے، ذِمہ داران ان اجتماعات میں شرکت کرکے مدنی کام کو مزید بہتر انداز میں کرنے کا عزم کرکے لوٹتے ہیں۔

دعوتِ اسلامی کی قیّوم　　　اِک اِک گھر میں مچ جائے دھوم

اِس پہ فِدا ہو بچّہ بچّہ　　　یا اللہ مری جھولی بھر دے

(وسائلِ بخشش مُرمّم، ص123)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

اسلامی بہنوں میں مَدَنی اِنقِلاب

اَلْحَمْدُلِلّٰہ! لاکھوں لاکھ اسلامی بہنوں نے بھی امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے خون پسینے سے سینچی ہوئی تحریک دعوتِ اسلامی کے مَدَنی پیغام کو قبول کیا، فیشن پرستی اور فَحّاشی وعُریانی سے سَرشار مُعاشَرے میں پروان چڑھنے والی بے شمار اسلامی بہنیں گناہوں کے دَلْدَل سے نکل کر اُمَّہاتُ الْمُؤمنین اور شہزادیٔ کونَین بی بی فاطِمۃُ الزہرا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُنَّ کی دیوانیاں بن گئیں۔ گلے میں دُوپٹّا لٹکا کر شاپنگ سینٹروں اور مخلوط تفریح گاہوں میں بھٹکنے والیوں، نائٹ کلبوں اور سینما گھروں کی زینت بننے والیوں کو کربلا والی عِفَّت مَآب شہزادیوں رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُنَّ کی شرم وحیا کی وہ برکتیں نصیب ہوئیں کہ شرعی بُرقع اُن کے لباس کا جُزْوِ لَایُنْفَك (یعنی نہ جدا ہونے والا حصہ) بن گیا۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ ملک و بیرونِ ملک بے شمار مقامات پر اسلامی بہنوں کے بھی شَرْعی پردے کے ساتھ ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماعات ہوتے ہیں۔ اسلامی بہنوں میں وقتاً فوقتاً مختلف کورسز کا بھی سلسلہ جاری رہتا ہے، اَلْحَمْدُلِلّٰہ مَدَنی مُنّیوں کے لیے مدارس المدینہ (للبنات) اور بڑی عمر کی اسلامی بہنوں کو قراٰنِ کریم کی مفت تعلیم دینے کیلئے کئی مدارِسُ المدینہ بالغات اور عالِمہ بنانے کیلئے مُتَعدّد "جامِعاتُ المدینہ للبنات" قائم ہیں۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ دعوتِ اسلامی میں "حافِظات" اور "مَدَنیّہ عالمات" کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ بَہر حال مدنی کاموں میں اسلامی بھائیوں سے اسلامی بہنیں بھی کسی طرح پیچھے نہیں ہیں۔

اسلامی بہنوں کے مختلف مدنی کاموں کی کارکردگی کی ایک جھلک

نمونۃً مارچ 2020ء میں ملک وبیرون ملک ہونے والے دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کی اسلامی بہنوں کی "عالمی مجلسِ مشاورت" کی طرف سے ملنے والی کارکردگی کی ایک جھلک مُلاحَظہ ہو: {1} گھر درس تقریباً (83324) تراسی ہزار تین سو چوبیس {2} روزانہ لگنے والے مدرَسۃُ المدینہ بالِغات کی تعداد تقریباً (4166) چار ہزار ایک سو چھیاسٹھ اور پڑھنے والیوں کی تعداد تقریباً (48643) اڑتالیس ہزار چھ سو تینتالیس {3} ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماعات کی تعداد تقریباً (11182) گیارہ ہزار ایک سو بیاسی ان میں شریک ہونے والیاں تقریباً (329837) تین لاکھ انیتس ہزار آٹھ سو سینتیس {4} روزانہ امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا بیان یامدنی مذاکرہ سننے والی اسلامی بہنوں کی تعداد تقریباً (102391) ایک لاکھ دو ہزار تین سو اکانوے ہے۔

مِری کاش! ساری بہنیں، رہیں مدنی برقعوں میں

ہو کرم شہِ زمانہ مَدَنی مدینے والے

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

اِسی ماحول نے ادنیٰ کو اعلیٰ کر دیا دیکھو!

کراچی کی ایک اسلامی بہن کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے کہ والِدَین کے بے حد اِصرار پر میں نے قراٰنِ پاک حِفْظ کرنے کی سعادت تو حاصل کر لی تھی مگر بعد میں اِس کو دُہرانا چھوڑ دیا تھا جس کی وجہ سے والِدَین کو سخت تشویش تھی۔ اتنی عظیم سعادت حاصل کر لینے کے باوُجُود افسوس! میری عملی کیفیت یہ تھی کہ میں نَمازوں کی پابندی سے غافل تھی۔ نت نئے فیشن اپنانے اور فلمی گانے سننے کی تو اتنی شوقین تھی کہ ہیڈ فون لگا کر بعض اوقات ساری ساری رات گانے سننے میں برباد کر دیتی! T.V کی تباہ کاریوں نے مجھے بہُت بری طرح اپنی لپیٹ میں لیا ہوا تھا، چُنانچِہ میں فلمیں ڈِرامے دیکھنے کی خوب ہی رَسیا تھی، بِالخصوص ایک گُلوکار کے گانوں کی تو اِس قدر دیوانی تھی کہ میری سَہیلیاں مذاقاً کہا کرتی تھیں کہ یہ تو مرتے وقت بھی اسی گُلوکار کو یاد کرتے ہوئے دم توڑے گی! صد کروڑ افسوس کہ اگر میں اُس گُلوکار کا کوئی شَو (پروگرام) نہ دیکھ پاتی تو رو رو کر بُرا حال کر لیتی یہاں تک کہ کھانا بھی چھوٹ جاتا! اَلغرض میرے صبح و شام یونہی گناہوں میں بسر ہو رہے تھے۔ میری مُمانی دعوتِ اسلامی کے اسلامی بہنوں کے سنّتوں بھرے اجتماعات میں شرکت کیا کرتی تھیں۔ وہ مجھے بھی اجتماع میں شرکت کی دعوت دیتیں مگر میں ٹال دیتی۔ اُن کی مسلسل انفِرادی

کوشش کے نتیجے میں بالآخِر مجھے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی سعادت حاصل ہو ہی گئی، اجتِماع میں ہونے والے سنّتوں بھرے بیان، ذِکرُاللہ اور رِقّت انگیز دُعا نے مجھ پر بہُت گہرا اثر ڈالا۔ ایک حلقہ ذِمّہ دار اسلامی بہن مجھ پر بڑی شَفقَت فرماتیں اور مجھے گھر سے بُلا کر سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرواتیں۔ان کی مسلسل شَفقَتوں اور انفرادی کوشش کے سبب میری اِصلاح کا سامان ہونے لگا حتّٰی کہ فلمیں ڈِرامے دیکھنے، گانے باجے سننے اور دیگر گناہوں سے میں نے توبہ کرلی۔ مکتبۃُ المدینہ کے جاری کردہ سنّتوں بھرے بیانات کی کیسٹیں سنتی تو خوفِ خدا سے لرز کر رہ جاتی کہ اگر یونہی گناہ کرتے کرتے مجھے موت آگئی تو میرا کیا بنے گا !اسی طرح مکتبۃ المدینہ سے شائع ہونے والی کُتُب ورسائل پڑھ کر مجھ میں احساسِ ذمّے داری پیدا ہوا اور میں بھی اسلامی بہنوں کے ساتھ مل کر نیکی کی دعوت عام کرنے میں مصروف ہوگئی۔ ذِمّہ دار اسلامی بہن مجھے جو بھی ذِمّے داری دیتیں بحُسن وخوبی نبھانے کی کوشش کرتی۔ یوں دعوتِ اسلامی کا مَدَنی کام کرتے کرتے اَلْحَمْدُلِلّٰہ تادمِ تحریر عَلاقائی مُشاوَرت کی خادِمہ (ذمّہ دار) کی حیثیت سے دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کو بڑھانے میں کوشاں ہوں۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ مفتیٔ دعوتِ اسلامی حافظ محمد فاروق عطاری مدنی رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کہ جن کے عہد طالبِ علمی کا واقعہ ہے کہ آپ رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ قراٰنِ پاک کی کل 7 منزلوں میں سے روزانہ ایک منزل تلاوت فرمایا کرتے تھے میں بھی ان کی پیروی میں روزانہ ایک منزل کی دُہرائی کرکے ہر 7 دن میں ایک بار ختمِ قراٰن کی سعادت حاصِل کررہی ہوں۔ یاالٰہی استقامت عطا فرما۔ اٰمِیْن

بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّم

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

"فیضانِ رضا" کے 8 حروف کی نسبت سے
دعوتِ اسلامی کے 8 مدنی پھول

از: امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ

(1) دعوتِ اسلامی کا بنیادی مقصد اِسلامیّات کو دنیا کے لوگوں تک اِس طرح پہنچانا کہ مُبلِّغین خود بھی سنّتوں سے آراستہ رہیں اور مُناظِرانہ ردّ کو ماہرِ فن عُلَماءِ اہلسنّت پر چھوڑ کر تبلیغ واشاعت کا کام کرتے رہیں۔

(2) اسلامیّات سے مُراد شَہَنشاہِ خوش خِصال، سلطانِ شیریں مقال، پیکرِ حُسن و جمال، مَخزنِ عظمت و کمال، دافعِ رنج وملال، صاحبِ جُودونَوال، رسولِ بے مثال، بی بی آمِنہ کے لال، محبوبِ ذُوالجلال صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّم کے وہ اَقوال و اَفعال ہیں جن پر حضرت سیدُنا امامِ اعظم ابوحنیفہ، حضرتِ سیّدُنا امامِ مالِک، حضرتِ سیّدُنا امامِ شافعی، حضرتِ سیّدُنا امامِ احمد بن حَنبل رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُم قائم رہے۔ سیّدُنا امام اَبوالحسن اشعری، سیّدُنا امام ابومَنصور ماتُریدی رَضِیَ اللّٰہُ عنہما جن کی تعلیم دیتے رہے۔ سرکارِ بغداد حُضُورِ غوثِ پاک حضرتِ سیّدُنا شیخ عبدُالقادِر جیلانی، سرکارِ غریب نواز حُضُور سیّدُنا خواجہ مُعینُ الحقّ وَالدّین چِشتی، حُضُور سیّدُنا شیخ شہابُ الحقِّ وَالدّین سُہروردی، حُضُور سیّدُنا شیخ بہاء الحقّ وَالدّین نَقْشبندی رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُم اَجْمَعِیْن جن کے عامل رہے۔ عُلَماءِ

اہلسنّت مثلًا صاحِب ردُّالمُحتار، خاتِمُ الفُقَھاء سیِّدُنا شیخ سیِّد محمد امینُ الدّین ابنِ عابِدین شامی رَحمَۃُ اللہ عَلیہ ، سیِّدُنا شاہ مُلّا جیوَن ہِندی رَحمَۃُ اللہ عَلیہ ، سیِّدُنا شاہ عبدُالعزیز مُحدِّث دِہلوی (رَحمَۃُ اللہ عَلیہ) وَغَیرَھُم جن کے قائل رہے، خُصوصًا میرے ولیٔ نِعمت، اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلُسنّت، عظیم البرَکت، عظیم المرتَبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجدِّدِ دین و مِلّت، حامیٔ سنّت، ماحِیٔ بِدعت، عالِمِ شَریعت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیر وبرَکت، حضرتِ علّامہ مولیٰنا اَلحاج اَلحافظ اَلقاری شاہ امام اَحمد رَضا خان رَحمَۃُ اللہ عَلیہ کہ جنہوں نے انکی تَصرِیحات کو اپنی تصانیفِ مبارَکہ میں بیان کردیا اور اس کو اَلمُعتَمَدُ المُستَنَد، تَمہِیدُ الایمان اور حُسَّامُ الحَرَمین وغیرہ کُتُبِ مُفیدہ میں واضح فرمادیا ہے۔

(3) تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں مَسلکِ اعلیٰ حضرت رَحمَۃُ اللہ عَلَیْہ پر مضبوطی سے قائم رہیں، اعلیٰ حضرت رَحمَۃُ اللہ عَلیہ کا مسلک وہی ہے جو صَحابۂ کِرام رَضِیَ اللہُ عَنھم اور سلف صالحین عِظام رَحِمَھُمُ اللہ کا مسلک تھا، یعنی اللہ پاک کو ایک مان کر اُسی کی بندگی اور شَہَنْشاہِ مدینہ ، سلطانِ باقرینہ ، سُرورِ قلب وسینہ ، فیض گنجینہ ، صاحِبِ مُعَطّر پسینہ صَلَّی اللہ عَلَیہ وَ اٰلِہٖ وَسلَّم کو اُس کا بھیجا ہوا سچا اور آخِری رسول ماننا، نیز اللہ و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ عَلَیہ وَ اٰلِہٖ وَسلَّم کی مَحبَّت و عظمت کی مُکمَّل پاسداری کرنا، ضَروریاتِ دین میں سے کسی کا بھی انکار نہ کرنا، نیز اللہ و رسول و صَحابۂ کِرام و غیرہُم کی تَوہین وتَنقِیص سے مکمّل دُور اور گستاخوں سے دُورونُفور رہنا، وغیرہ وغیرہ۔

(4) اسلام میں عُلَماءِ حق کی بہت زیادہ اَہَمِّیَّت ہے اور وہ عِلمِ دین کے باعِث عوام سے افضل ہوتے ہیں، غیرِ عالِم کے مقابلے میں عالِم کو عبادت کا ثواب بھی زیادہ ملتا ہے،

چنانچہ حضرتِ محمد بن علی رَضِیَ اللہُ عَنہما سے مَروی ہے، "عالِم کی دو رکعت غیر عالم کی ستَّر رَکعَت سے افضل ہیں۔" (کنز العمال، ج۱۰، ص۸۷) لہٰذا دعوتِ اسلامی کے تمام وابَستگان بلکہ ہر مسلمان کے لیے ضَروری ہے کہ وہ عُلَماء اہلسنّت سے ہر گز نہ ٹکرائیں ان کے ادب و احترام میں کوتاہی نہ کریں، علماء اہلسنّت کی تحقیر سے قَطعًا گُریز کریں۔ بِلا اجازتِ شَرعی ان کے کردار اور عمل پر تنقید کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ حرام اور جہنَّم میں لے جانے والا کام نہ کریں، حضرت سیِّدُنا ابوالحفص الکبیر عَلَیہِ رَحمَۃُ القَدِیر فرماتے ہیں، " جس نے کسی عالِم کی غیبت کی تو قِیامت کے روز اس کے چہرے پر لکھا ہو گا، یہ اللہ کی رَحمت سے مایوس ہے۔" (مکاشفۃ القلوب، فی بیان الغیبۃ، ص۱۷) حضرتِ سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللہُ عَنہ سے روایت ہے، "عالِم زمین میں اللہ پاک کی دلیل وحُجَّت ہیں تو جس نے عالم میں عیب نِکالا وہ ہلاک ہو گیا۔" (کنزُ العمال، ج۱۰، ص۷۷) میرے آقا اعلیٰ حضرت مولیٰنا شاہ احمد رضا خان عَلَیہ رَحمَۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں، "اُس کی (یعنی عالم کی) خَطا گیری (یعنی بھول نکالنا) اور اُس پر اعتراض حرام ہے اور اِس کے سبب رہنمائے دین سے کَنارہ کَش ہونا اور اِستِفادۂ مسائل چھوڑ دینا اِس کے حق میں زَہر ہے۔" (فتاوٰی رضویہ، ج۲۳، ص۷۱۱) اُن نادان لوگوں کو ڈر جانا چاہیے جو بات بات پر عُلَمائے کِرام کے بارے میں تَوہین آمیز کلِمات بک دیا کرتے ہیں مثلًا بھئی ذرا بچ کر رہنا کہ "علّامہ صاحِب" ہیں، عُلَما لالچی ہوتے ہیں، ہم سے جَلتے ہیں، ہماری وجہ سے اب ان کا کوئی بھاؤ نہیں پوچھتا، چھوڑو چھوڑو یہ تو مولوی ہے، (مَعَاذَ اللہ عالِم کو بعض لوگ حقارت سے کہہ دیتے ہیں) "یہ مُلّا لوگ!"، عُلَما نے (مَعَاذَ اللہ) سُنّیت کا کوئی کام نہیں کیا (بعض

او قات ناپسندیدَگی کا اِظہار کرتے ہوئے کہہ دیا جاتا ہے) فُلاں کا اندازِ بیان تو مَولَویوں والا ہے وغیرہ وغیرہ۔ عالِم کی توہین کی صورتیں اور ان کے بارے میں حکمِ شَرعی بیان کرتے ہوئے میرے آقا اعلیٰ حضرت رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہِ فرماتے ہیں: "اگر عالِمِ دین کو اس لیے بُرا کہتا ہے کہ وہ "عالِم" ہے جب تو صَریح کافِر ہے اور اگر بوجہِ عِلم اُس کی تعظیم فرض جانتا ہے مگر اپنی کسی دُنیوی خُصُومت (یعنی دشمنی) کے باعِث بُرا کہتا ہے، گالی دیتا ہے اور تَحقیر کرتا ہے تو سخت فاسِق و فاجِر ہے اور اگر بے سبب (یعنی بِلاوجہ) رنج (بُغض) رکھتا ہے تو مَرِیضُ القَلب وَخَبِیثُ البَاطِن (یعنی دل کا مریض اور ناپاک باطِن والا) ہے اور اُس (یعنی خواہ مخواہ بُغض رکھنے والے) کے کفر کا اندیشہ ہے، "خُلاصہ" میں ہے: مَن اَبغَضَ عَالِماً مِّن غَیْرِ سَبَبٍ ظَاھِرٍ خِیفَ عَلَیْہِ الْکُفْرُ (یعنی جو بِلا کسی ظاہِری وجہ کے عالِمِ دین سے بُغض رکھے اُس پر کُفر کا خوف ہے۔")(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص۳۴۳)

شَریعَت و علمائے دین کی تَحقیر کے بعض کُفریہ کلِمات و انداز کی مِثالیں پیش کی جاتی ہیں، اگر مَعاذَاللہ کسی نے ماضی میں اپنے قول یا فِعل سے عالم کی بسبب علمِ دین توہین کر ڈالی ہو تو وہ توبہ و تَجدیدِ ایمان کرلے اور اگر شادی شدہ ہو تو تجدیدِ نکاح اور کسی کا مُرید ہو تو تجدیدِ بَیعَت بھی کرلے۔ ☆ یہ کہنا بھی کُفر ہے کہ مولویوں نے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص۳۵۷) ☆ یہ کہنا کہ "دین اللہ تعالیٰ نے تو آسان اُتارا تھا مولویوں نے مشکِل کر دیا" کفر ہے کیونکہ اَلاِستِخْفَافُ بِالاَشْرَافِ وَالعُلَمَاءِ کُفْرٌ" یعنی سادات و عُلَما کی تخفیف و تَحقیر کفر ہے۔ (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص۳۵۵) ☆ کسی نے عالِم سے کہا: "جا اور عِلم کو کسی برتن میں

سنبھال کر رکھ۔" یہ کُفر ہے۔ (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص۳۵۸) یاد رہے! تعظیم صِرف عُلَمائے اہلسنّت ہی کی کی جائے گی، رہے بد مذہب عُلَما (یعنی عُلَماءِ سُوء) تو اُن کے سائے سے بھی بھاگے کہ ان کی تعظیم حرام، اُن کا بیان سننا ان کی کُتُب کا مُطالَعہ کرنا اور انکی صُحبت اختیار کرنا حرام اور ایمان کے لیے زہرِ ہَلاہَل ہے۔

(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص۳۵۹)

(5) معمولاتِ اہلسنّت ہماری پہچان ہے لہٰذا ان کی بجا آوری میں کوتاہی نہ فرمایئے۔ مَثَلاً (الف) ربیعُ الاوّل میں دھوم دھام سے جشنِ وِلادت منایئے، اپنے مکان اور دُکان وغیرہ پر ابتِدائی 12 دن چَراغاں اور سارا مہینا (گاڑیوں پر بھی) مدنی پرچم لہرایئے اپنی مسجِد اور مَحَلّے وغیرہ کو بھی بَرقی قُمقُموں اور سبز سبز پرچموں سے خوب سجایئے، شبِ وِلادت (ربیع الاوّل کی 12 ویں رات) اجتماعِ ذِکر و نعت میں گزارنے کے بعد ہاتھوں میں مدنی پرچم اُٹھائے کھڑے ہو کر عَین صبحِ صادِق کے وقت صلوٰۃ و سلام پڑھتے ہوئے صبحِ بہاراں کا استِقبال کیجئے، 12 ربیعُ الاوّل یعنی عیدِ مِیلادُ النَّبی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دن مرحبا کی دھومیں مچاتا ہوا جُلوسِ مِیلاد نکالئے۔ (ب) عیدِ مِعراجُ النَّبی عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام۔ ایّامِ خُلَفَائے راشِدین عَلَیہِمُ الرِّضوَان۔ سالانہ گیارھویں شریف اور یومِ رضا رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کے سلسلے میں 25 صَفَرُ المُظفَّر کو اجتماعِ ذِکر و نعت کا اِنعِقاد فرمایئے۔ (ج) اَعراس کے مواقِع پر مَزاراتِ اولیا رَحِمَہُمُ اللہُ سے مُلحِقَہ مساجِد میں مَدَنی قافلے ٹھہرایئے، اپنے جدوَل کے مطابِق وہاں زائرین میں نیکی کی دعوت کی دُھومیں مچایئے اور صاحِبِ عُرس کی خوب بَرَکتیں لوٹیے۔

(6) تمام دعوتِ اسلامی والوں کو چاہیے کہ مرکزی مجلسِ شوریٰ، اپنے ملک کی انتِظامی کابینہ اور اپنے یہاں کی مجلسِ مُشاوَرت حتّٰی کہ اپنے یہاں کی مشاورت کے ذَیلی نگران کی شریعَتِ مُطَہَّرہ کے دائِرے میں رَہ کر اطاعت کرتے ہوئے، دعوتِ اسلامی کا مَدَنی کام کرتے رہیں۔

(7) شیطان غیبتیں کرواکر دین کے کام کا بَہت نقصان کرواتا ہے۔ لِہٰذا اگر آپ کسی اسلامی بھائی میں بُرائی پائیں تو بلا اجازتِ شرعی دوسروں پر اظہار کرکے غیبت کا کبیرہ گناہ کرنے کے بجائے ممکنہ صورت میں براہِ راست اُسی کو نرمی کے ساتھ اکیلے میں سمجھایئے اگر ناکامی ہو تو خاموشی اختیار فرمایئے اور اُس کے لیے دعا کیجئے۔ اگر دینی نقصان کا اندیشہ ہو یا اس طرح اس کی اصلاح کی امید ہو تو تنہائی میں یا لکھ کر اپنے یہاں کی مُشاوَرت کے "ذَیلی نگران" کا تعاون حاصِل کیجئے جب کہ وہ مسئلہ (مَس۔ءَ۔لَہ) حل کرسکتا ہو۔ ورنہ شَریعَت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے مزید آگے مثلًا اپنی مُشاوَرت کے "حلقہ نگران" اگر یہ بھی نہ کرسکے تو عَلاقائی مشاوَرت کے نگران پھر شہر مُشاوَرت کے نگران، پھر ڈویژن مُشاوَرت کے نگران، نگرانِ کابینہ، نگرانِ کابینات، پھر مُلک کی انتِظامی کابینہ کے نگران سے رُجُوع کیجئے، یاد رکھیئے! اگر آپ نے شَرعی مصلحت کے بغیر کسی ایک سے بھی خواہ وہ کتنا ہی بڑا ذمّے دار ہو، اُس اسلامی بھائی کی بُرائی بیان کی تو یہ گناہ کا کام ہوگا اور اگر آپ کی وجہ سے بات عام ہوگئی اور عَلاقے میں تنظیمی مسائل کھڑے ہوگئے اور سنّتوں کے مَدَنی کام کو نقصان پہنچا تو آپ کی گردن پر دین کے کام میں فساد برپا کرنے کا الزام اور دردناک عذاب کا استحقاق ہوگا۔

(8) سنّتوں بھرے اِجتماعات وغیرہ میں بیان کی دو صورتیں ہوں گی۔(الف) وہ مُبلِّغین جو علم و عمل میں مُمتاز ہوں گے اور تبلیغِ دین کی بھرپور صَلاحِیَّت رکھتے ہوں گے (مثلاً درسِ نظامی کر لیا ہو نیز مُطالعہ وسیع ہونے کے ساتھ ساتھ حافِظہ بھی قَوی ہو اور شَرعی غَلَطیاں نہ کرتے ہوں) ان کو زَبانی بیان کرنے کی اجازت ہو گی۔(ب) وہ مُبلِّغین جو علم میں مُمتاز نہ ہوں گے وہ علمائے اہلسنّت کی کُتُب سے حسبِ ضَرورت فوٹو کاپیاں کروا کر اپنی ڈائرِی میں چَسپاں کر کے اُنہیں دیکھ کر مِن وعَن بیان کریں گے۔

ہے میری تمنّا ربِّ جہاں، ہر خُرد و کلاں ہر ایک جواں
ہر ''دعوتِ اسلامی والا'' سنّت کا علم لہراتا رہے

اٰمین بجاہِ النبیِّ الامین صَلَّی اللہ عَلَیہ وَاٰلہٖ وَسلَّم

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دین کے 108 سے زیادہ شعبہ جات

{1} مجلس مدنی انعامات {2} مجلس مدنی قافلہ {3} دَارُالسُّنَّہ {4} مجلس برائے نیو مسلم {5} جامعۃ المدینہ (للبنین) {6} جامعۃ المدینہ (للبنات) {7} جامعۃ المدینہ (آن لائن) {8} تَخَصُّص فِی اللُّغَۃِ الْعَرَبِیَّۃ {9} مدرسۃ المدینہ (للبنین) {10} مدرسۃ المدینہ (للبنات) {11} مدرسۃ المدینہ للبنین (رہائشی) {12} مدرسۃ المدینہ (جُز وقتی) {13} مدرسۃ المدینہ کورسز {14} مدرسۃُالمدینہ للبنین (آن لائن) {15} مدرسۃ المدینہ للبنات (آن لائن) {16} آن لائن کورسز (للبنین وللبنات) {17} مدرسۃ المدینہ (بالغان) {18} دَارُ المدینہ (للبنین) {19} دَارُ المدینہ (للبنات)

{20} مجلس دارالمدینہ کالج و یونیورسٹی {21} دار الافتاء اہل سنتِ {22} مجلس تحقیقاتِ شرعیہ {23} تَخَصُّص فِی الفِقہ (مُفتی کورس) {24} مجلسِ تفتیشِ کُتُب و رسائل {25} اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ {26} ماہنامہ فیضانِ مدینہ {27} مجلس خُدَّامُ الْمَساجِد وَالْمَدارِس {28} مجلس اَثاثہ جات {29} مجلس تعمیرات {30} مجلس فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) {31} مجلس اِمامت کورس {32} مجلس ائمہ مساجد {33} شعبۂ تعلیم {34} مجلس ہفتہ وار اجتماع {35} مجلس ہفتہ وار مدنی مذاکرہ {36} مجلس اجتماعِ ذکر و نعت {37} مجلس مدنی بہاریں { 38} مجلس مدنی درس {39} مجلس مکتوبات و اورادِ عطاریہ {40} مجلس حج و عمرہ {41} مجلسِ توقیت {42} مجلس مدنی کورسز {43} اجتماعی اعتکاف (پورا ماہِ رمضان / آخری عشرہ) {44} مجلس اسپیشل افراد {45} مدنی چینل {46} مدنی چینل عام کریں {47} مجلس آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ {48} سوشل میڈیا {49} ٹرانسلیشن ڈیپارٹمنٹ {50} مکتبۃُ المدینہ {51} مجلس تقسیمِ رسائل {52} المدینہ لائبریری {53} مجلس تحفظ اوراقِ مقدسہ {54} مجلس مزاراتِ اولیاء {55} مجلسِ رابطہ بالعلماء {56} مجلسِ رابطہ {57} مجلسِ رابطہ برائے تاجران {58} مجلسِ رابطہ برائے اسپورٹس {59} مجلسِ رابطہ برائے فنکار {60} میڈیا ڈیپارٹمنٹ {61} مجلسِ ڈاکٹرز {62} مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز {63} مجلس حکیم {64} مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز (معالجِ حیوانات) {65} مجلس اصلاح برائے قیدیاں {66} مجلس ٹرانسپورٹ {67} مجلس خیر خواہی (زلزلہ و سیلاب زدگان وغیرہ) {68} مجلس طِبّی علاج {69} شِفاخانے {70} مجلس برائے کفن دفن {71} مجلس بیرونِ ملک {72} مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں۔

{73} مجلس فیضانِ مُرشد{74} مجلس برائے تحفظِ رِزق{75} مجلس لنگرِ رضویہ {76} مجلسِ عُشر {77} مجلس مالیات {78} مجلس خود کفالت {79} مدنی بستہ مجلس{80} مجلس چرمِ قربانی {81} مجلس مدنی عطیات بکس {82} مجلس اجارہ {83} مجلس تفتیش قرآت و مسائل {84} مجلس کارکردگی{85} مجلس کارکردگی فارم و مدنی پھول {86} مجلس جدول وجائزہ۔

اسلامی بہنوں کی عالمی مجلس مشاورت کے تحت شعبے: {87} مجلس مدنی انعامات (اسلامی بہنیں){88} مجلس مدنی دورہ(اسلامی بہنیں) {89}دَارُالسُّنَّۃ للبنات {90} مجلس برائے نیو مسلم(اسلامی بہنیں) {91}مدرسۃ المدینہ بالغات {92} ماہنامہ فیضانِ مدینہ (اسلامی بہنیں){93} شعبۂ تعلیم(اسلامی بہنیں){94} مجلس ہفتہ وار اجتماع(اسلامی بہنیں) {95} مجلس ہفتہ وار مدنی مذاکرہ (اسلامی بہنیں){96} مجلس گھر درس(اسلامی بہنیں) {97} مجلس مکتوبات و اورادِ عطاریہ(اسلامی بہنیں){98} مجلس حج و عمرہ(اسلامی بہنیں) {99} مجلس شارٹ کورسز(اسلامی بہنیں) {100} مجلس اسپیشل افراد(اسلامی بہنیں) {102} مکتبۃُ المدینہ(اسلامی بہنیں){103} مجلس تقسیمِ رسائل(اسلامی بہنیں) {104} مجلسِ رابطہ (اسلامی بہنیں) {105} مجلس طِبّی علاج(اسلامی بہنیں) {106} مجلس برائے کفن دفن(اسلامی بہنیں) {107} مجلس بیرونِ ملک(اسلامی بہنیں) {108} مجلسِ عُشر(اسلامی بہنیں) {109} مجلس مالیات(اسلامی بہنیں)) {110} مجلس مدنی عطیات بکس(اسلامی بہنیں) {111} مجلس مدنی بہاریں(اسلامی بہنیں) {112} مجلس فیضانِ مُرشد(اسلامی بہنیں){113} مجلس اجارہ(اسلامی بہنیں){114} مجلس تفتیش قرآت و مسائل (اسلامی بہنیں)

مَدَنی اِلتِجاء

اِس اِجمالی فِہرِست سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہوگئی کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ آپ کی دعوتِ اسلامی نیکی کی دعوت عام کرنے میں رات دن مصروفِ عمل ہے۔ براہِ کرم! اپنی زکوٰۃ، فطرہ، صَدَقات، مدنی عَطِیّات اور قربانی کی کھالیں دینے کے ساتھ ساتھ اپنے رشتے داروں، پڑوسیوں اور دوستوں پر بھی انفِرادی کوشِش فرما کر ان کے مدنی عَطِیّات اور قربانی کی کھالیں بھی اپنے شہر میں موجود دعوتِ اسلامی کے مَدَنی مرکز میں پہنچا کر یا کسی ذمّے دار اسلامی بھائی کو دے کر یا مَدَنی مرکز میں فون کرکے کسی اسلامی بھائی کو طلب فرما کر انہیں عنایت فرمادیجئے۔ دینے کے بعد رسید ضَرور حاصل کیجئے۔ اللہ پاک! آپ کا سینہ مدینہ بنائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! سینکڑوں شہروں میں ''مدنی بستہ مجلس'' کے تحت مدنی عطیات جمع کرنے کے بستے لگتے ہیں، اِسی طرح کچھ شہروں مثلاً (لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ) میں Donation Cell بھی قائم ہو چکے ہیں، یہاں بھی آپ عطیات جمع کرواسکتے ہیں۔

ایک اَہَم شَرعی مسئلہ

عَطِیّات دینے والے سے اگر براہِ راست نفلی عَطِیّات کی وُصولی کی ترکیب بن رہی ہو تو حتَّی الامکان یوں ترغیب دِلا کر کہ ''آپ کے چندے (Donation) کو کسی بھی جائز، دینی، اِصلاحی، فلاحی، خیر خواہی اور بھلائی کے کام میں خرچ کیا جاسکتا ہے۔'' وُصول فرمایئے کیونکہ بعض ''مُدّاتِ مخصوصہ'' مثلاً: مخصوص تعمیرات وغیرہ کے

اَخراجات محدود یعنی کم ہوتے ہیں اور بچ جانے والی رقم عرصۂ دراز تک رُکی رہتی ہے، یااس میں کچھ دیگر پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ بتائے گئے طریقے کے مطابق لئے گئے ''عَطِیّاتِ نافِلہ'' دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات میں سے کسی بھی شعبے میں شرعی رہنمائی کے ساتھ خرچ کئے جاسکتے ہیں۔

عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ کراچی، پاکستان فون:93-4921389

www.dawateislami.net / www.dawateislami.org

عَطِیّات جمع کروانے کے لئے بینک اکاؤنٹ نمبرز

Nafila Donations

Bank Name:	MCB BANK LIMITED
Branch Name:	MCB AL- HILAL SOCIETY
Branch Code:	0037
Swift Code:	MUCBPKKA
Account Title:	DAWAT-E-ISLAMI TRUST
Account #:	0859491901004196
IBAN #:	PK92MUCB 0859491901004196

Wajiba Donation

Bank Name:	MCB BANK LIMITED
Branch Name:	MCB AL- HILAL SOCIETY
Branch Code:	0037
Swift Code:	MUCBPKKA
Account Title:	DAWAT-E-ISLAMI TRUST
Account #:	0859491901004197
IBAN #:	PK65MUCB0859491901004197

فہرست

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کورونا وائرس کی وَبا میں دنیا بھر میں دعوتِ اسلامی کی خدمات کی مختصر جھلک

❁ اب تک 3 لاکھ چار ہزار ایک سو چوالیس سے زائد متأثرہ خاندانوں میں راشن اور نقد رقوم تقسیم کی جا چکی ہیں ❁ امدادی پیکج میں راشن، نقد رقوم، پکا ہوا کھانا اور کپڑے تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ ❁ محبتِ اہلِ بیت کا ثبوت دیتے ہوئے باقاعدہ فہرست بنا کر سادات گھرانوں میں راشن پیش کیا گیا۔ ❁ ہزاروں ائمہ اور مؤذنین کی خدمات میں رقم پیش کی گئی۔ ❁ پاکستان بھر میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے جہاں اشیائے خورد و نوش کا حصول مشکل ہوا وہیں بہت سارے ان مریضوں کو بھی سخت آزمائش کا سامنا کرنا پڑا جنہیں خون کی ضرورت پیش آتی ہے بصورت دیگر جان کا خطرہ لاحق ہو جاتا ہے جیسے تھیلیسیما وغیرہ کے مریض۔ دعوتِ اسلامی نے نہ صرف ان کے لیے خون کا عطیہ ممکن بنایا بلکہ انٹرنیشنل اصولوں کے تحت تمام تر حفاظتی اقدامات بروئے کار لاتے ہوئے مختلف مقامات پر کیمپ قائم کیے جہاں ہزاروں مسلمانوں نے ٹیسٹ کے بعد اپنا خون عطیہ کیا جو ضرورت مند مریضوں کو پیش کیا گیا۔ جس کی محتاط کارکردگی (30.04.2020 تک) یہ ہے: مختلف شہروں میں 209 بلڈ کیمپ پر خون کا عطیہ جمع کرنے کا اہتمام کیا گیا اور 17542 خون کی بوتلیں جمع کی گئیں۔ بیرونِ ملک برطانیہ، ترکی سمیت کئی یورپی و افریقی ممالک میں راشن کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے ❁ برطانیہ میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والے مسلمانوں کے لیے سرد خانہ اور احتیاطی تدابیر کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے کفن دفن کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

978-969-722-139-4
01082101
فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92   0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net